کوئٹہ، گوادر، حب، اسلام آباد، کراچی اور پشاور سے بیک وقت شائع ہونیوالا اردو روزنامہ
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت A.B.C Certified بلوچستان کا کثیر الاشاعت اخبار

روزنامہ
# عسکر انٹرنیشنل کوئٹہ
Daily ASKAR INTERNATIONAL QUETTA
MEMBER A.P.N.S

چیف ایڈیٹر: سید فاروق شاہ
رجسٹرڈ نمبر BC-A-21

جلد نمبر 22 | بروز بدھ یکم اکتوبر 2025ء/7 ربیع الثانی 1447ھ/ قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 352

کوئٹہ دھماکے کی مذمت، دہشتگردوں کو کسی صورت اپنے مذموم عزائم میں کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا دہشتگردوں کی بزدلانہ کارروائیاں کسی صورت عوام اور ملک کے حوصلے کو پست نہیں کرسکتیں

# حکومت صوبے میں تعلیم کے فروغ کیلئے کوشاں ہے، نوجوان پاکستان مخالف پروپیگنڈا کرنے والوں کو منہ توڑ جواب دیں

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی

فوج، پولیس، ایف سی، لیویز، عام شہری اور وہ افراد جنہوں نے صوبے میں امن وترقی کیلئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا یہ سب تاریخ کے حقیقی ہیرو ہیں

## دہشتگرد صحت کے مراکز، تعلیمی ادارے بند کرانا چاہتے ہیں مگر ہماری بچیاں اور نوجوان ڈٹے ہوئے ہیں' گرلز کالج کوئٹہ کینٹ میں خطاب

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ شہدا کی قربانیاں کبھی رائیگاں نہیں جائیں گی، یہ ریاست ہم سب کی ہے اور اس کے تحفظ کے لیے ہر فرد کو اپنا کردار ادا کرنا ہے، دہشتگرد صحت کے مراکز، تعلیمی ادارے بند کرانا چاہتے ہیں مگر ہماری بچیاں اور نوجوان جس جرات اور عزم کے ساتھ ڈٹے ہیں وہ نہ صرف قابلِ تحسین بلکہ قوم کے لیے باعثِ فخر ہے نوجوان پاکستان مخالف پروپیگنڈا کرنے والوں کو منہ توڑ جواب دیں کیونکہ یہ ریاست سب کی (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

## ٹرمپ کا غزہ پلان، جماعت اسلامی نے وزیراعظم کی تائید کو مسترد کردیا

پاکستانی قوم کی مرضی کے بغیر کوئی بھی شخصیت کیسے ڈونلڈ ٹرمپ کو رضامندی دے سکتی ہے؟

لاہور (جی این ایم) جماعت اسلامی نے امریکی صد | رڈونلڈ ٹرمپ (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

ٹرمپ کے منصوبے کی حمایت پر اسد عمر نے وزیراعظم سے 7 سوالات پوچھ لیے

اسلام آباد (جی این ایم) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے امن منصوبے کی حمایت (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

## تجارتی راہداریوں سے لینڈ لاک ریاستیں لینڈ لنک معیشت میں بدل سکتی ہیں، علیم خان

جنوبی ایشیا، مڈل ایسٹ اور وسطی ایشیا کے درمیان کردار ادا کرنے کو تیار ہیں، وفاقی وزیر مواصلات

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر مواصلات عبدا | لعلیم خان نے کہا ہے (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

کوئٹہ، آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر نشین اسٹاپ ایف سی ہیڈ کوارٹر کے قریب دھماکے کی جگہ کا معائنہ کررہے ہیں

## فیلڈ مارشل عاصم منیر پاکستان میں نہایت اہم شخصیت ہیں، ڈونلڈ ٹرمپ

جنگ بندی پر فیلڈ مارشل عاصم منیر کا میری تعریف کرنا، کسی اعزاز سے کم نہیں؛ ڈونلڈ ٹرمپ

فیلڈ مارشل عاصم منیر نے پاک بھارت جنگ رکوانے پر میری تعریف کی تھی، امریکی صدر

نیویارک (ویب ڈیسک) صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، واشنگٹن ٹائمز کے مطابق جنوبی ایشیا میں نئی اسٹریٹیجک شراکت داری کے اہم ستون، صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے امریکی فوجی جنرلز سے خطاب میں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی تعریف کی۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر پاکستان میں نہایت اہم شخصیت ہیں اور میرے پاک بھارت جنگ رکوانے پر انھوں نے قابل ستائش انداز (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

## ٹرمپ کا غزہ منصوبہ امن کیلئے نادر موقع، پاکستان مشاورتی عمل میں فعال طور پر شریک رہے گا، عاصم افتخار

اگرچہ غزہ میں امن کے امکانات تیزی سے معدوم ہوتے دکھائی دے رہے ہیں مگر نئی سفارتی راہیں بھی کھل رہی ہیں، اسرائیل کا ای ون بستی منصوبہ دو ریاستی حل پر براہِ راست حملہ ہے

سلامتی کونسل اپنی ذمہ داریاں پوری اور فوری طور پر ایسی قرارداد منظور کرے جو اسرائیلی بستیوں کو غیر قانونی قرار دے، ان کی توسیع پر پابندی لگائے اور شہریوں کے تحفظ کو یقینی بنائے، اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب کا خطاب

نیویارک (جی این ایم) اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے غزہ منصوبے کو امن کیلئے نادر موقع قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اگرچہ غزہ میں امن کے امکانات تیزی سے معدوم ہوتے دکھائی دے رہے ہیں مگر اسی دوران نئی سفارتی راہیں بھی کھل رہی ہیں، پاکستان اس مشاورتی عمل میں فعال طور پر شریک رہے گا۔ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں مشرق وسطی سے متعلق اجلاس (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی گورنمنٹ گرلز کالج کی ہونہار طالبات کو اپنے ساتھ کڑا کر کے انکی حوصلہ افزائی کررہے ہیں

# کوئٹہ فتنہ الہندوستان خودکش حملہ 10 افراد شہید 6 دہشتگرد جہنم واصل

واقعے کے بعد کوئٹہ شہر میں سکیورٹی کے سخت انتظامات کردیے گئے ہیں' ایف سی اور پولیس نے علاقے کی ناکابندی کردی ہے جب کہ بم ڈسپوزل اسکواڈز کو الرٹ کردیا گیا ہے

دہشت گردوں کی بزدلانہ اور انسانیت سوز کارروائی کا مقصد امن وامان کی صورتحال کو خراب کرنا ہے واقعے کے فوراً بعد دہشت گردوں کو واصل جہنم کردیا گیا' وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (اے این این) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے علاقے پشین سٹاپ پر ایف سی ہیڈ کوارٹر پر خودکش حملے میں 10 شہری شہید اور 33 سے زائد زخمی ہو گئے جب کہ خودکش بمبار سمیت 6 دہشتگرد ہلاک ہو گئے۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ کے علاقے ماڈل ٹاؤن میں خوجک روڈ پر ایف سی ہیڈکوارٹر کے مرکزی دروازے پر خودکش دھماکا ہوا جس کی شدت سے قریبی عمارتوں کے شیشے ٹوٹ گئے اور گاڑیوں کو شدید نقصان پہنچا۔ حملے میں 10 شہری شہید ہو گئے جب کہ 33 سے زائد افراد زخمی ہوئے، جن میں 2 سیکورٹی اہلکاروں سمیت (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

## خیبر پختونخوا کے 2 وزرا نے استعفیٰ دے دیا' استعفے وزیراعلیٰ کو ارسال

صوبائی وزیر عاقب اللہ اور صوبائی وزیر فیصل ترکئی نے اپنے عہدوں سے استعفا دیا ہے

پشاور (جی این ایم) خیبر پختونخوا کے 2 وزرا نے | عہدوں سے استعفا دے (باقی صفحہ 2 نمبر 34)

## پاکستان کی مسلح افواج ملک کے ناقابلِ تسخیر دفاع کی ضمانت ہیں، سردار ایاز صادق

اسپیکر قومی اسمبلی کا فتح 4 گراؤنڈ کروز میزائل کے کامیاب تجربے پر مسلح افواج، سائنسدانوں، انجینئرز اور قوم کو مبارکباد

اسلام آباد (جی این ایم) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز | صادق نے "فتح-4" (باقی صفحہ 2 نمبر 33)

اسلام آباد، نائب وزیراعظم، وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار نیوز کانفرنس کررہے ہیں

## سینیٹر رانا ثناء اللہ نے ایوان بالا سینٹ کے رکن کی حیثیت سے حلف اٹھالیا

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان مسلم لیگ کے رہنما سینیٹر رانا ثناء اللہ نے ایوان بالا سینٹ کے رکن کی حیثیت سے حلف اٹھالیا۔ قائمقام پریذائیڈنگ آفیسر سینیٹر شیری رحمٰن نے ان سے حلف لیا اس موقع پر پاکستان مسلم لیگ ن کے اراکین نے ان کو مبارکباد پیش کی۔

## جمہوریت کے استحکام اور عوامی فلاح کیلئے جامع مکالمہ اور اجتماعی کوششیں ناگزیر ہیں، گیلانی

اسلام آباد (یو این اے) قائم مقام صدر سید یوسف رضا گیلانی نے قومی چیلنجز کے حل کے لئے سیاسی رابطے اور تعاون کو ضروری قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ جمہوریت کے استحکام اور عوامی فلاح کے لئے جامع مکالمہ اور اجتماعی کوششیں ناگزیر ہیں۔ ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق قائم مقام صدر نے ان خیالات کا منگل کو یہاں ایوان صدر میں مختلف (باقی صفحہ 2 نمبر 32)

## وفاقی حکومت کا سیلاب متاثرین کے لئے 389 ارب کا ریلیف پیکیج تیار

آئی ایم ایف نے سیلاب سے نقصانات پر بنیادی ضروریات کے تخمینے کی رپورٹ مانگ لی

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی حکومت نے ملک بھر کے سیلاب متاثرین کیلئے 389 ارب روپے کے ریلیف پیکیج کی تیاری مکمل کرلی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ذرائع کا کہنا ہے کہ وفاقی بجٹ میں مختص 389 ارب روپے کے ایمرجنسی فنڈز کی رقم سے وزیراعظم پیکیج متعارف (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

## پی ٹی آئی 27 ستمبر کے جلسے میں بدنظمی کے ذمہ داروں کے تعین کیلئے کمیٹی شکیل

پی ٹی آئی کی تین رکنی کمیٹی چار روز میں رپورٹ تیار کرکے پارٹی انتظامیہ کے پاس جمع کرائے گی

پشاور (جی این ایم) پی ٹی آئی نے 27 ستمبر کے جلسے میں بدنظمی اور ذمہ داروں کے تعین کیلئے کمیٹی شکیل دے دی۔ صدر تحریک انصاف ضلع پشاور عرفان سلیم کی سربراہی میں پاکستان تحریک انصاف ضلع پشاور تنظیم کا اجلاس منعقد ہوا جس میں عمران خان کی کال پر پشاور میں (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

## معاشی ترقی میں پاکستان افغانستان کے سواسب سے پیچھے

پاکستان کی معاشی ترقی رواں مالی سال صرف 3 فیصد رہنے کا امکان

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان جنوبی ایشیا میں معاشی ترقی اور مہنگائی کے اعتبار سے کہاں کھڑا ہے، ایشیائی ترقیاتی بینک نے رپورٹ میں اہم انکشاف کردیا۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان جنوبی ایشیا میں معاشی ترقی کے لحاظ سے افغانستان کے سوا سب سے پیچھے رہ گیا۔ مہنگائی (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

## رواں مالی سال پاکستان میں جی ڈی پی کی شرح 3 فیصد رہنے، مہنگائی میں اضافے کا امکان

اسلام آباد (جی این ایم) ایشیائی ترقیاتی بینک (اے ڈی بی) نے رواں مالی سال 26-2025 کے دوران پاکستان میں جی ڈی پی کی شرح 3 فیصد رہنے کا امکان ظاہر کیا ہے۔ اے ڈی بی کے مطابق پاکستان کی معیشت میں بہتری آئی ہے اور مالی سال 25-2024 میں پاکستان کی شرح نمو میں اضافہ ہوا۔ رپورٹ میں (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

## بھارت نواز شرپسند عناصر کے ناپاک عزائم کو ناکام بناتے رہیں گے، صدر مملکت

اسلام آباد (یو این اے) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کوئٹہ میں فتنہ الخوارج کے خودکش حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ فتنہ الخوارج اور بھارت کے ایجنڈے پر کام کرنے والے عناصر پاکستان کے امن واستحکام کو نقصان نہیں پہنچا سکتے۔ منگل کو ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے سکیورٹی فورسز کو بروقت اور موثر کارروائی پر خراج (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

## اتحادیوں کے درمیان ایسا نہیں ہوتا کہ آپ کے دل میں جو آئے بولتے رہیں، شیری رحمان

پیپلز پارٹی نے اپنے اتحادیوں سے ہمیشہ تمیز سے بات کی مگر اتحادیوں کا یہی رویہ رہا تو حکومت کا ساتھ دینے کا کیا فائدہ؟

اسلام آباد (جی این ایم) نائب صدر پیپلز پارٹی سینیٹر شیری رحمان نے کہا ہے کہ پی پی نے ہمیشہ اپنے اتحادیوں سے تمیز کے دائرے میں رہ کر بات کی، اتحادیوں کے درمیان ایسا نہیں ہوتا کہ آپ کے دل میں جو آئے بولتے رہیں، اگر اتحادیوں کا یہی رویہ رہا تو پیپلز پارٹی (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

## روس کی کوئٹہ میں ایف سی ہیڈ کوارٹر پر خودکش حملے کی مذمت

ہم ہر قسم کی دہشت گردی کے خاتمے کی ضرورت پر زور دیتے ہیں، روسی سفارت خانہ

اسلام آباد (جی این ایم) کوئٹہ کے مشرقی علاقے | میں ایف سی ہیڈ کوارٹر (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

## دنیا فلسطین کے حق دفاع کو نظر انداز کررہی ہے، خالد قدومی

حماس کا عالمی برادری سے فلسطینی ریاست کے قیام کا وعدہ سچا کرنے کا مطالبہ

غزہ (جی این ایم) حماس نے عالمی برادری سے | فلسطینی ریاست کے (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

اسلام آباد، قائمقام صدر سید یوسف رضا گیلانی سے گورنر گلگت بلتستان سید مہدی شاہ ملاقات کررہے ہیں

## پانی چوری کے طعنے پر جواب دینا وزیراعلیٰ پنجاب کی ذمہ داری ہے، رانا ثناء اللہ

مریم نواز نے فیصل آباد میں جو بات کی وہ ان کا بطور وزیراعلیٰ موقف ہے، گفتگو

اسلام آباد (جی این ایم) زیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ پانی چوری کے طعنے پر جواب دینا وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ذمہ داری ہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ مریم نواز نے فیصل آباد میں جو بات کی وہ ان کا بطور وزیراعلیٰ موقف ہے، انہوں (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

## صوبائی وزیر لائیو اسٹاک فیصل خان جمالی کی کوئٹہ دھماکے کی شدید مذمت

شہدا کے اہلخانہ سے اظہار تعزیت، دہشت گرد بزدلانہ کارروائیوں سے قوم کے حوصلے پست نہیں کرسکتے، فیصل خان جمالی

گنداخہ (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما اور صوبائی وزیر برائے لائیو اسٹاک سردار زادہ میر فیصل خان جمالی نے ایف سی ہیڈ کوارٹر کوئٹہ کے قریب بم دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے بزدلانہ دہشت گرد کارروائی قرار دیا۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

# پاکستان کی سالمیت کو نقصان پہنچانے والوں کو عبرتناک سزا ملے گی، وزیراعظم

حکومت، سکیورٹی فورسز اور پوری قوم ملک سے دہشتگردی اور فتنہ الہندوستان کے جڑ سے خاتمے کیلئے پرعزم ہیں

معصوم اور نہتے شہریوں کی جان ومال کو نقصان پہنچانے والوں کے مذموم عزائم کو خاک میں ملا دیں گے، کوئٹہ بم دھماکے کی مذمت

لندن (یو این اے) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کوئٹہ میں فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ معصوم اور نہتے شہریوں کی جان ومال کو نقصان پہنچانے والوں کے مذموم عزائم کو خاک میں ملا دیں گے۔ منگل کو پی ایم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے دہشت گرد حملے میں زخمی ہونے والے اہلکاروں اور شہریوں کی جلد صحتیابی کے لئے دعا کی۔ وزیراعظم نے کہا کہ معصوم اور نہتے شہریوں کی جان ومال کو نقصان پہنچانے والوں کے مذموم عزائم کو خاک میں ملا دیں گے، پاکستان کی سالمیت کو نقصان پہنچانے کی کوشش کرنے والے عناصر کو عبرتناک سزا ملے گے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت، سکیورٹی فورسز اور پوری قوم ملک سے دہشتگردی اور فتنہ الہندوستان کے جڑ سے خاتمے کے لیے پرعزم ہیں۔

## بارڈز کی بندش سے بلوچستان کا استحصال کیا جارہا ہے' نواز کاکڑ

بارڈروں کی بندش سے لاکھوں لوگوں سے دو وقت کی روٹی چھینا گیا' رہنماء جمعیت

کوئٹہ (اے این این) جمعیت علماء اسلام کے صوبائی ڈپٹی جنرل سیکرٹری سابق صوبائی وزیر حاجی محمد نواز خان کاکڑ نے بلوچستان میں بدامنی کی مخدوش صورتحال، بارڈز کی بندش، سوچی سمجھے منصوبے کی تحت بدامنی، طاقت کی استعمال، اور بارڈز کی بندش سے بلوچستان (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

## پاکستان کا مستقبل بہت روشن ہے، اسد اللہ فیض

ملک کی نوجوان نسل بیدار ہو وہاں کرپشن جیسی لعنت کا خاتمہ خود بخود ہوجاتا ہے

بی (اے این این) کمشنر بی ڈویژن اسد اللہ فیض نے کہا ہے کہ پاکستان کا مستقبل بہت روشن ہے جس ملک کی نوجوان نسل بیدار ہو وہاں کرپشن جیسی لعنت کا خاتمہ خود بخود ہوجاتا ہے پاکستان کی نوجوان نسل الحمدللہ بیدار ہے اور کل اس ملک کی باگ ڈور اسی نسل کے ہاتھوں (باقی صفحہ 2 نمبر 31)

# حماس کے بغیر مسئلہ فلسطین حل نہیں ہوسکتا مولانا فضل الرحمان

یہ اسرائیل کی توسیع کا فارمولا تو ہوسکتا ہے لیکن فلسطین کی توسیع کا معاملہ نہیں ہوسکتا، اس وقت سب سے اہم سوال پوری دنیا میں مسئلہ فلسطین ہے

مسئلہ فلسطین کے معاملے پر پاکستان نے اسرائیل کے وجود کو عرب دنیا کی پیٹھ میں خنجر قرار دیا تھا، اسرائیل ایک ناجائز ریاست ہے اسے کبھی قبول نہیں کریں گے

لاہور (اے این این) جمعیت علمائے اسلام پاکستان کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ امریکا انتہا پسندی اور ڈنڈے والی سیاست نہ کرے، امریکا نے حماس کو لاتعلق کیا ہوا ہے وہ تو اصل فریق ہے، حماس کے بغیر مسئلہ فلسطین حل نہیں ہوسکتا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے جمعیت علماء اسلام پاکستان کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ اس وقت سب سے اہم سوال پوری دنیا میں مسئلہ فلسطین ہے، مسئلہ فلسطین کے معاملہ پر (باقی صفحہ 2 نمبر 29)

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کا انڈوجرمن لینڈ کے زیر اہتمام انسانی حقوق اور میڈیا خواندگی سے متعلق کانفرنس کے شرکاء کے ساتھ گروپ فوٹو

# خضدار میں سیکورٹی فورسز کا آپریشن 7 دہشتگرد ہلاک 10 زخمی

آپریشن زہری کے ملحقہ پہاڑوں میں کیا گیا، زمینی فوج اور ہیلی کاپٹرز کا استعمال جاری، دہشتگردوں سے امریکی ہتھیار برآمد

سیکیورٹی فورسز نے فتنہ الہندوستان کی طرف سے بدوکشت کے مرکزی پل پر نصب کی گئی بڑی آئی ای ڈی کو کامیابی سے ناکارہ بنادیا،

کوئٹہ (اے این این) خضدار میں سیکیورٹی فورسز کے آپریشن میں 7 دہشت گرد ہلاک اور 10 زخمی ہو گئے، آپریشن تاحال جاری ہے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق ضلع خضدار کے علاقے زہری میں فتنہ الہندوستان کے خلاف سیکیورٹی فورسز نے خفیہ اطلاعات کی بنا پر آپریشن کیا، زہری کے ملحقہ پہاڑوں میں زیرو پوائنٹ چیک پوسٹ اور دیگر پولیس اہلکاروں کے ہمراہ آر سی ڈی روڈ زیرو پوائنٹ پر سنیپ چیکنگ کے دوران کراچی سے کوئٹہ جانے والی مشکوک گاڑی نمبر AFD-784 کو روکا۔ تفتیش کے دوران ڈرائیور نے اپنا نام ظہور احمد ولد نور احمد قوم رند سکنہ کوئٹہ (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

## اوتھل، ایس ایچ او جان محمد جاموٹ کی کامیاب کارروائی، کارلفٹرز گرفتار

اغوا شدہ گاڑی برآمد جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائی پر ایس ایس پی لسبیلہ کی خصوصی ہدایت، ملزمان کے خلاف مقدمہ درج

اوتھل (یو این اے) ایس ایچ او اوتھل جان محمد جاموٹ نے زیرو پوائنٹ چیک پوسٹ پر کامیاب کارروائی کرتے ہوئے دو کارلفٹرز کو گرفتار کرلیا جبکہ اغوا شدہ گاڑی برآمد کرلی گئی۔ لسبیلہ پولیس کے ترجمان کے مطابق ایس ایس پی لسبیلہ عاطف امیر کی خصوصی ہدایت پر SHO جان محمد جاموٹ نے انچارج

## آل پارٹیز ایکشن کمیٹی ژوب کا زیر صدارت عبدالجبار کاکڑ اجلاس

اجلاس میں ژوب اور دیگر علاقوں میں گاڑیوں سے لوٹ مار پر شدید تشویش کا اظہار کیا گیا

ژوب (اے این این) آل پارٹیز ایکشن کمیٹی ژوب اجلاس زیر صدارت حاجی عبدالجبار کاکڑ ہوا۔ اجلاس میں ژوب اور دیگر علاقوں میں گاڑیوں سے لوٹ مار پر شدید تشویش کا اظہار کیا گیا۔ اجلاس میں ضلع ژوب میں درپیش مجموعی مسائل پر خصوصاً این 50 کچلاگ خانوزئی مسلم باغ قلعہ سیف اللہ ژوب شیرانی پر ٹرانسپورٹ گاڑیوں کو سامان سمیت اسلحہ بردار چورڈکیت اغواء کرتے ہیں۔ ڈرائیوروں کو زدوکوب کرتے ہیں پولیس، اور لیویز انتظامیہ خاموش ہیں۔ محض بھتہ خوری کے لیے الرٹ رہتے ہیں اور ڈرائیوروں کو بلاجواز تنگ کرتے ہیں۔ دوسری طرف ژوب (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

## بلوچستان میں بلدیاتی اداروں کی خالی نشستوں پر ضمنی انتخابات 2 اکتوبر کو ہوں گے

شفاف وپرامن انتخابات کے لیے انتظامات مکمل، ضابطہ اخلاق کی پابندی یقینی بنائی جائے، الیکشن کمیشن

کوئٹہ (یو این اے) الیکشن کمیشن آف پاکستان کے اعلامیہ کے مطابق بلوچستان کے مختلف اضلاع میں بلدیاتی اداروں کے چیئرمین اور وائس چیئرمین کی خالی نشستوں پر ضمنی انتخابات جمعرات 2 اکتوبر 2025 کو منعقد ہوں گے۔ ان انتخابات میں ضلع سوراب کی میونسپل کمیٹی اور یونین کونسل نمبر 22 انجیرا مہرآباد، ضلع شیرانی کی میونسپل کمیٹی اور یونین کونسل نمبر 08، ضلع پنجگور کی یونین کونسل نمبر 37 اور 38 جبکہ ضلع ژوب کی ڈسٹرکٹ کونسل کی نشستیں شامل ہیں۔ اعلامیہ کے مطابق شفاف اور منصفانہ انتخابات کے انعقاد کو یقینی بنانے کے لیے متعلقہ اضلاع کے اسسٹنٹ (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

## ہرنائی میں نوجوان لڑکا اور لڑکی مردہ حالت میں برآمد، لاشیں سول اسپتال منتقل کردیا

مقتولین کی شناخت فیض اللہ نورزئی اور ثمینہ بی بی سلیمان خیل کے نام سے، وجہ قتل تاحال نامعلوم

ہرنائی (یو این اے) ہرنائی کے علاقے شاہرگ کلی امبوایریا میں ایک نوجوان لڑکا اور لڑکی مردہ حالت میں پائے گئے۔ لیویز کنٹرول روم کے مطابق اطلاع ملنے پر شاہرگ لیویز موقع پر پہنچی اور لاشوں کو اپنی تحویل میں لے کر سول اسپتال شاہرگ منتقل کردیا۔ لیویز حکام (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

## اوتھل و بیلہ کے منشیات مقدمات میں مجرموں کو 10 اور 15 سال قید، بھاری جرمانے بھی عائد

تفتیشی افسران اور پراسیکیوشن ٹیم کی کامیاب کارکردگی، ایس ایس پی لسبیلہ کی جانب سے شاباش

اوتھل (یو این اے) لسبیلہ پولیس کی کامیاب تفتیش اور پراسیکیوشن کی بدولت منشیات کے مقدمات میں ملوث دو ملزمان کو ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج لسبیلہ کی عدالت نے سخت سزائیں سنا دیں۔ تفصیلات کے مطابق پولیس تھانہ اوتھل کے منشیات مقدمہ نمبر 01/2025 بجرم (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

## غزہ کے متعلق اسلامی ممالک کی خاموشی قابل افسوسناک ہے، جمعیت

اسلامی ممالک باہر نکل کر خواتین بڑوں اور بچوں کی شہادتیں رکنے کیلئے اپنا کردار ادا کریں' مولانا ہدایت الرحمٰن

کوئٹہ (اے این این) ملی یکجہتی کونسل کے سربراہ و رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن نے کہا ہے کہ غزہ کے متعلق اسلامی ممالک کی خاموشی قابل افسوس اسلامی ممالک باہر نکل کر خواتین بڑوں اور بچوں کی شہادتیں رکنے کیلئے اپنا کردار ادا کریں ملی یکجہتی کونسل اس (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

## سیدال خان کی کوئٹہ دھماکے کی شدید مذمت، شہدا کے لواحقین سے اظہار تعزیت

دشمن ملک کے امن کو متزلزل نہیں کرسکتے، زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ

کوئٹہ (یو این اے) قائم مقام چیئرمین سینیٹ سید ال خان نے کوئٹہ میں ایف سی ہیڈ کوارٹر کے قریب ہونے والے کار بم دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس بزدلانہ حملے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرا دکھ اور افسوس ہے۔ انہوں نے (باقی صفحہ 2 نمبر 19)



کوئٹہ، پشین اسٹاپ کے قریب گاڑی بم دھماکے کے بعد جائے وقوع کی جانب جانیوالے راستے کو پولیس اہلکاروں نے بند کیا ہوا ہے

# امید ہے پاکستان جلد فلسطین اپنی فوج بھیجنے کا فیصلہ کرے گا اسحاق ڈار

انڈونیشیا نے 20 ہزار فوجی فلسطین بھیجنے کی پیشکش کی ہے، فلسطین نے امن معاہدے کا خیر مقدم کیا ہے مگر کچھ لوگ تنقید کررہے ہیں

غزہ بارے اچھا کام ہوا تو متنازعہ نہ بنایا جائے، کچھ لوگ سیاست کررہے ہیں، نائب وزیراعظم، وزیر خارجہ کی نیوز کانفرنس

اسلام آباد (اے این این) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ انڈونیشیا نے 20 ہزار فوجی فلسطین بھیجنے کی پیشکش کی ہے، امید ہے پاکستان بھی فلسطین فوج بھیجنے کا فیصلہ کرے گا۔ اسلام آباد میں نیوز کانفرنس میں اسحاق ڈار نے کہا کہ وزیراعظم نے اقوام متحدہ کے جنرل اسمبلی اجلاس میں وفد کی قیادت کی، آسٹریلیا، کویت، عرب ممالک، اسلامی ممالک اور امریکا کے سربراہان سے ملاقاتیں کی، مسئلہ فلسطین کو بھرپور (باقی صفحہ 21)

## غزہ میں 3 ہزار سالہ جنگ ختم کرادوں گا؛ ٹرمپ کا کمانڈرز سے خطاب میں حماس کو دھمکی

واشنگٹن (اے این این) صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے فوجی کمانڈرز سے خطاب میں امریکی جوہری ہتھیاروں، غزہ امن منصوبے اور مشرق وسطی کی صورت حال پر پالیسی بیان دیا۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ جب کوانٹیکو میں جنرلز اور ایڈمرلز سے خطاب کے لیے ڈائس پر پہنچے تو مزاحیہ انداز میں کہا کہ میں نے کبھی کسی جگہ اتنی خاموش نہیں دیکھی۔ انھوں نے (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

اسلام آباد، وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب سے آڈیٹر جنرل آف پاکستان مقبول احمد گوندل ملاقات کررہے ہیں

## پانامہ کے بعد والد پر مشکل وقت آیا تو سیاست میں آئی، 2 بار بغیر قصور کے جیل گئی، مریم نواز

پنجاب میں تاریخ کا بدترین سیلاب آیا، افسوس دوسرے صوبوں نے سیلاب پر پریس کانفرنسز کیں

چکوال (جی این ایم) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ پانامہ کے بعد والد پر مشکل وقت آیا تو سیاست میں آئی، دو بار بغیر قصور کے جیل گئی، پنجاب میں تاریخ کا بدترین سیلاب آیا، افسوس دوسرے صوبوں نے سیلاب پر پریس کانفرنسز کیں۔ پنجاب کے ضلع چکوال میں اسکول آف ایکسیلینس کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مریم نواز نے کہا کہ سیلاب کی وجہ سے کاموں میں مصروف ہوگئی تھی، میری نظر میں چکوال کی اہمیت وہی ہے جو دوسرے شہروں کی ہے، گزشتہ سال ہم نے 30 ہزار اسکالرشپس دیں، اس سال سوا لاکھ لیپ ٹاپ دیں گے۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 22)

(01)

مشترکہ امانت ہے وزیراعلیٰ نے یہ بات منگل کے روز گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ گرلز کالج کوئٹہ کینٹ میں شہید پروفیسر ناظمہ طالب کے نام سے منسوب نئے بلاک اور 10 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر ہونے والے جدید اسمارٹ آڈیٹوریم کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی تقریب میں صوبائی وزرا میر سلیم احمد کھوسہ، راحیلہ حمید خان درانی، میر محمد صادق عمرانی، رکن صوبائی اسمبلی میر علی مدد جتک، وزیراعلیٰ کے پرنسپل سیکرٹری بابر خان، سیکرٹری ہائیر ایجوکیشن صالح محمد بلوچ، سابق سیکرٹری حافظ محمد طاہر، کالج کی پرنسپل سعدیہ فاروقی سمیت اعلیٰ حکام اور طالبات کی بڑی تعداد شریک تھی وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کوئٹہ میں پیش آنے والے دہشتگردی کے واقعہ کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ سکیورٹی فورسز نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے دہشتگردوں کو جہنم واصل کیا جس پر پوری قوم اپنے غیور جوانوں کو خراجِ تحسین پیش کرتی ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ فوج، پولیس، ایف سی، لیویز، عام شہری اور وہ افراد جنہوں نے صوبے میں امن و ترقی کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا یہ سب تاریخ کے حقیقی ہیرو ہیں انہوں نے کہا کہ زہری میں جاری آپریشن کے نتیجے میں دہشتگردوں کی کمر ٹوٹ چکی ہے اور ان کی چیخیں سنائی دے رہی ہیں وزیراعلیٰ نے پروفیسر ناظمہ طالب کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ وہ کراچی سے کوئٹہ صرف تعلیم کی خدمت کے جذبے سے آئیں مگر انہیں بزدلانہ دہشتگردی کا نشانہ بنایا گیا اسی طرح جسٹس نواز مری کو بھی قوم سے چھین لیا گیا وزیراعلیٰ نے اعلان کیا کہ سرینہ چوک کو شہید جسٹس نواز مری کے نام سے منسوب کیا جائے گا تاکہ ان کی قربانی ہمیشہ یاد رکھی جائے وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان میں ایسا جدید تعلیمی ماحول پیدا کیا جارہا ہے جہاں دنیا کے کسی بھی حصے سے ماہرین آن لائن لیکچرز دے سکیں گے گرلز کالج کوئٹہ کینٹ میں اضافی کلاسز تعمیر ہوں گی اور طالبات سے کیا گیا لیپ ٹاپ کی فراہمی کا وعدہ ہر حال میں پورا کیا جائے گا انہوں نے اعلان کیا کہ کالج میں ڈیجیٹل سہولیات اور جدید انفراسٹرکچر فراہم کر کے طالبات کو عالمی معیار کی تعلیم دی جائے گی وزیراعلیٰ نے تقریب میں تلاوت، ملی نغمہ اور اسٹیج کی ذمہ داریاں سنبھالنے والی طالبات کے لیے 50 ہزار روپے فی کس انعام کا اعلان کیا انہوں نے ل کہا کہ ملی نغمہ پیش کرنے والی بلا صلاحیت طالبہ موسیقی کے شعبے میں آگے بڑھنا چاہتی ہے تو ان کے تمام اخراجات حکومت برداشت کرے گی وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اپنے خطاب کے اختتام پر نوجوانوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ وہ پاکستان کے خلاف پروپیگنڈا کرنے والوں کو دلیل اور عمل سے شکست دیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے بچے اور بچیاں ہی پاکستان کا روشن مستقبل ہیں اور ان کے حوصلے دشمن کے ہر وار سے زیادہ مضبوط ہیں اس موقع پر صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کے الفاظ شہدا کے ساتھ حکومت کے غیر متزلزل عزم کی عکاسی کرتے ہیں اور یہ کہ بلوچستان حکومت تعلیم کے فروغ کے لیے سنجیدہ اور بھرپور اقدامات کررہی ہے۔

(02)

کہ تجارتی راہداریوں سے لینڈ لاک ریاستیں لینڈ لنک معیشت میں بدل سکتی ہیں، جنوبی ایشیا، مڈل ایسٹ اور وسطی ایشیا کے درمیان کردار ادا کرنے کو تیار ہیں۔ وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے قازقستان میں سلک وے ٹرانسپورٹ فورم سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان جنوبی ایشیا، مڈل ایسٹ اور سینٹرل ایشیا کے درمیان اہم کردار ادا کرنے کے لیے تیار ہے۔ تجارتی راہداریوں سے لینڈ لاک ریاستیں لینڈ لنک معیشت میں بدل سکتی ہیں۔ عبدالعلیم خان نے سلک وے ٹرانسپورٹ فورم سے خطاب میں کہا کہ اسلام آباد، تہران، استنبول روڈ لنک پاکستان کے لیے نہایت اہم ہے جبکہ پاک چین اکنامک کوریڈور اور بیلٹ اینڈ روڈ منصوبے خطے کے تجارتی تعلقات کو نئی جہت دے رہے ہیں۔ عبدالعلیم خان نے کہا کہ کسٹم قوانین اور ویزہ رکاوٹیں علاقائی روابط میں تاخیر کا باعث ہیں۔ یوروایشیا دنیا کی سب سے بڑی زمینی پٹی ہے جس کی پاکستان کے لیے اہم اسٹریٹیجک حیثیت ہے۔ پاکستان کی ٹی آئی آر اور افریقی معاہدوں میں شمولیت خطے کے لیے سنگ میل ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ سی پیک بیلٹ اینڈ روڈ کا فلیگ شپ منصوبہ ہے جس کا ویژن 2030 تک خود انحصاری اور معاشی نمو ہے۔ وزیر مواصلات نے کہا کہ بین الاقوامی راہداریوں کو امن اور خوشحالی کی شاہراہیں بنانا ہماری ذمہ داری ہے۔ پاکستان خطے اور دنیا کے زمینی روابط میں کلیدی کردار ادا کررہا ہے۔ ٹرانسپورٹ میں ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن شفافیت بڑھا رہی ہے جبکہ موسمیاتی تبدیلی اور سپلائی چین کی رکاوٹیں نئے چیلنجز ہیں جنہیں تعاون سے حل کیا جا سکتا ہے۔ سلک وے ٹرانسپورٹ فورم میں قازقستان سمیت 12 ممالک کے وزرائے ٹرانسپورٹ شریک ہوئے جن میں ترکیہ، ایران، ازبکستان، ترکمانستان، آذربائیجان، جارجیا، بیلاروس اور رشین فیڈریشن شامل تھے۔ فورم میں پاکستانی وفد کو بھرپور پذیرائی ملی اور وفاقی وزیر کا شاندار خیر مقدم کیا گیا۔

(03)

پر سابق وفاقی وزیر اسد عمر نے وزیراعظم شہباز شریف سے 7 سوالات پوچھ لیے۔ اس حوالے سے اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ شہباز شریف نے اپنے بیان کے ذریعے ٹرمپ کے امن منصوبے کی حمایت کرتے ہوئے فلسطین کے حوالے سے کئی دہائیوں سے جاری پاکستان کی پالیسی کو پلٹ دیا، انہوں نے یہ کام بغیر کسی قومی بحث اور قوم کے مینڈیٹ کے کیا ہے، اس حوالے سے 7 سوالات ہیں جن کے جواب دینے کی ضرورت ہے، جن میں (1) پلان میں کہا گیا ہے کہ غزہ کو دہشت گردی سے پاک علاقہ بنا جائے گا، اسرائیل کے بارے میں ایسا ہی کیوں نہیں کہا گیا؟ جو دنیا کا سب سے زیادہ بنیاد پرست ملک ہے اور عالمی امن کے لیے خطرہ ہے؟ (2) اسرائیلی یرغمالیوں کو فوری طور پر رہا کر دیا جائے گا لیکن اسرائیل غیر متعینہ مدت میں مرحلہ وار فوجی انخلا کرے گا، ہر امن معاہدے کو توڑنے نے اسرائیلی تاریخ کے ساتھ اس پر بھروسہ کیوں کیا جارہا ہے اور فوری طور پر انخلا کیوں نہیں ہو رہا؟۔ اسد عمر نے پوچھا کہ (3) آپ 20 لاکھ سے زیادہ کی آبادی کے لیے روزانہ صرف 600 ٹرک امدادی سامان کیسے فراہم کر سکتے ہیں، جن میں سے بہت سے لوگ فاقہ کشی کے دہانے پر ہیں؟ یہاں تک کہ جنوری 25 کے معاہدے میں طے شدہ اس سطح کی بھی اسرائیل نے اجازت نہیں دی، (4) امریکہ کی زیر نگرانی ٹیکنو کریٹ حکومت، باقی دنیا کے لیے جمہوریت کے لیکچر اور غزہ کے لیے مٹر طور پر نوآبادیاتی ٹیکنو کریسی کیوں؟۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ (5) غزہ میں حماس کا کوئی کردار نہیں ہوگا لیکن یقین یا ہو جس نے گزشتہ سال 5 خودمختار ممالک پر حملہ کیا اور 20 ہزار بچوں سمیت 66 ہزار سے زائد غزہ والوں کو قتل کیا، اسے مداخلت جاری رکھنے کی اجازت ہے؟ (6) کہا جارہا ہے جب ری ڈویلپمنٹ کو آگے بڑھایا جاتا ہے تو فلسطینی ریاست کے قیام کے لیے حالات ممکن ہیں یعنی دوسرے لفظوں میں کوئی دور یا ستی حل کئی دہائیوں تک اور شاید کبھی نہیں، آپ اس غداری کی حمایت کیسے کر سکتے ہیں؟ (7) غیر قانونی اسرائیلی بستیوں کو روکنے اور خالی کرنے کے بارے میں معاہدے میں کوئی لفظ کیوں نہیں ہے؟۔

(04)

کے غزہ کیلئے 20 نکاتی پلان پر وزیراعظم کی تائید کو مسترد کردیا۔ امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان نے وزیراعظم پاکستان کے بیان پر ردعمل میں کہا کہ وزیراعظم کے غزہ اور ڈونلڈ ٹرمپ سے متعلق بیان کو کسی صورت قبول نہیں کرتے۔ حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ پاکستانی قوم کی مرضی کے بغیر کوئی بھی شخصیت کیسے ڈونلڈ ٹرمپ کو رضامندی دے سکتی ہے؟۔ انہوں نے کہا کہ اقوام متحدہ کے چارٹر کے مطابق جس کی سرزمین پر قبضہ ہو تو وہ اس کے خلاف مسلح جدوجہد کرسکتی ہے۔ دنیا کی کوئی بھی طاقت زور زبردستی سے ایک قوم کا یہ حق نہیں چھین سکتی۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ امن معاہدے کے نام پر ایسی کوئی بھی دستاویز جو 66 ہزار فلسطینیوں کی لاشوں پر دی جارہی ہے اس کی تحسین کرنا ظالموں کے ساتھ کھڑے ہونے کے برابر ہے۔

(05)

سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستانی مندوب نے خبردار کیا کہ اسرائیل کا اسی دن بستی منصوبہ دو ریاستی حل پر براہ راست حملہ ہے، مشرقی یروشلم کو فلسطین سے کاٹنے اور مغربی کنارے کی جغرافیائی وحدت کو ختم کرنے کی یہ کوشش صریحاً بین الاقوامی قانون کی خلاف ورزی ہے۔

(06)

میں تعریف کی تھی۔ صدر ٹرمپ نے بتایا کہ 3 روز قبل پاکستان کے وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر سے ملاقات ہوئی تھی۔ امریکی صدر نے مزید بتایا اس موقع پر فیلڈ مارشل عاصم منیر نے کہا کہ ؟ پ نے جنگ رکوا کر لاکھوں جانیں بچائیں، اگر جنگ ہو جاتی تو بہت زیادہ نقصان ہوتا۔ صدر ٹرمپ نے جنرلز سے خطاب میں مزید بتایا کہ پاکستان کے فیلڈ مارشل عاصم منیر کا یہ انداز مجھے بہت اچھا لگا تھا۔ ان کی تعریف کو میں نے اپنے لیے اعزاز تصور کرتا ہوں۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے ایک بار پھر کہا کہ میں نے تجارت کی پیشکش کر کے 7 جنگیں ختم کرائیں جن میں سب سے بڑی پاک بھارت جنگ تھی جو ایٹمی جنگ میں بھی تبدیل ہوسکتی تھی۔ اپنے خطاب میں ڈونلڈ ٹرمپ نے یہ شکوہ بھی کیا کہ دنیا کی 7 جنگیں رکوانے اور کل ہی غزہ جنگ کا تصفیہ کرانے کے باوجود مجھے نوبیل انعام نہیں دیا جائے گا۔ صدر ٹرمپ نے کہا کہ نوبیل انعام شاید اس بار کسی ایسے شخص کو دیا جائے جس نے کوئی بھی بڑا کام نہ کیا ہو اور ایسا امریکیوں کی توہین ہوگا۔

(07)

4 خواتین بھی شامل ہیں۔ سیکورٹی فورسز نے فوری کارروائی کرتے ہوئے حملہ آوروں کی کوشش کو ناکام بنا دیا۔ دھماکے کے فوراً بعد فائرنگ کی آوازیں بھی سنی گئیں، جس سے علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ حادثے کی تفصیلات بتاتے ہوئے سیکورٹی ذرائع نے بتایا کہ خودکش حملہ آور نے بارود سے بھری ایک گاڑی کو ایف سی ہیڈکوارٹر کے مرکزی دروازے سے ٹکرا دیا۔

(08)

کا حکومت کا ساتھ دینے کا کیا فائدہ؟۔ نائب صدر پیپلز پارٹی سینیٹر شیری رحمان کا مسلم لیگ ن کی قیادت کی جانب سے پاکستان پیپلز پارٹی پر تنقید پر ردعمل سامنے آیا ہے۔ شیری رحمان نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی ہر اہم مسئلے پر ایوان کے اندر اور باہر ضرور احتجاج کرے گی، جب کبھی سیلاب آیا یا ہمارے کینال کا ایشو ہو یا آبی ذخائر کا ہم نے پنجاب سے کبھی ایسا رویہ نہیں رکھا جس پر کوئی انگلی اٹھا سکے، پیپلز پارٹی نے ہمیشہ اپنے اتحادیوں سے تمیز کے دائرے میں رہ کر بات کی ہے۔ شیری رحمان نے کہا کہ بہتر راستہ یہ ہی ہوتا ہے کہ صوبے اپنے مسائل ایک دوسرے کے ساتھ شیئر کریں، سیلاب زدگان اس وقت بہت تکلیف سے گزر رہے ہیں، تمام صوبے پاکستان کے ہیں نہ کہ کسی کی جاگیر، بہتری اس میں ہے کہ ہم ایک دوسرے کی بات کو سن لیں۔ انہوں نے کہا کہ بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام دنیا کا بہترین پروگرام ہے جس کو عالمی سطح پر تسلیم کیا گیا ہے، اگر سیلاب زدگان تک بی آئی ایس پی کے تحت امداد پہنچا دی جاتی تو ان کی مشکل کافی حد تک کم ہو جاتی، اتحادیوں کے درمیان ایسا نہیں ہوتا کہ آپ کے دل میں جو آئے بولتے رہیں، اگر اتحادیوں کا یہ رویہ رہے گا تو پیپلز پارٹی کا حکومت کا ساتھ دینے کا کیا فائدہ ہے۔ شیری رحمان نے کہا کہ ٹی وی یا جلسوں پر بیٹھ کر الفاظ کی جنگ چھیڑنا ٹھیک نہیں ہے عوام ہم سب کو دیکھ رہی ہے، چیئرمین بلاول کا بھی واضح پیغام ہے کہ سیلاب متاثرین کو موثر اور فوری امداد کی فراہمی کی جائے تو اس میں برا ماننے والی کیا بات ہے؟ ان کا کہنا تھا کہ اگر صورتحال ایسی ہی رہتی ہے تو ہمارے لیے مشکل ہوجاتا ہے کہ ہم حکومت کا مستقل مزاجی سے ساتھ دیں جو ہم نے دیا ہے۔

(09)

کے قریب ہونے والے خودکش دھماکے پر روس نے شدید مذمت کا اظہار کیا ہے۔ پاکستان میں روسی سفارت خانے کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ کوئٹہ میں ہونے والے دہشت گرد حملے کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہیں اور ہر قسم کی دہشت گردی کے خاتمے کی ضرورت پر زور دیتے ہیں۔ روسی سفارت خانے نے مطالبہ کیا کہ دہشت گردی کی منصوبہ بندی کرنے والوں کی نشاندہی کر کے انہیں انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے۔ بیان میں متاثرین کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کی خواہش کا اظہار بھی کیا گیا۔ یاد رہے کہ منگل کو کوئٹہ کے مشرقی علاقے ماڈل ٹان کے قریب ایف سی ہیڈکوارٹر کے باہر ہونے والے خودکش دھماکے میں 10 افراد جاں بحق اور 33 زخمی ہوئے۔ دھماکے کی آواز دور دور تک سنائی دی جبکہ قریبی گھروں اور عمارتوں کے شیشے ٹوٹ گئے۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق حملہ آور ایف سی کی وردی میں ملبوس تھا اور اس کے ساتھ پانچ دیگر دہشت گرد بھی موجود تھے۔ فورسز کی بروقت کارروائی میں خودکش بمبار سمیت تمام چھ دہشت گرد مارے گئے جبکہ فائرنگ اور دھماکے کے نتیجے میں ایف سی کے دو اہلکار بھی زخمی ہوئے۔ ابتدائی تحقیقات میں انکشاف ہوا ہے کہ دھماکے میں 25 سے 30 کلو بارودی مواد استعمال کیا گیا جبکہ ہلاک دہشت گردوں سے 15 دستی بم اور بھاری اسلحہ برآمد ہوا۔ وزیر صحت بلوچستان بخت کاکڑ نے بتایا کہ جاں بحق ہونے والوں میں 5 افراد موقع پر جبکہ مزید 5 اسپتال میں دورانِ علاج دم توڑ گئے۔ مہنگائی کی ستائی عوام کیلئے بری خبر، آٹا کی قیمتوں میں مزید اضافہ

(10)

قیام کا وعدہ سچا کرنے کا مطالبہ کردیا۔ سینئر رہنما حماس خالد قدومی نے ایران میں چینی میڈیا کو انٹرویو میں کہا ہے فلسطینیوں کو اپنے مستقبل کے فیصلے کرنے کا حق حاصل ہے اور خودمختار فلسطینی ریاست کا قیام ضروری ہے، دنیا فلسطین کے حق دفاع کو نظرانداز کررہی ہے۔ خالد قدومی کا مزید کہنا تھا کہ فلسطینیوں کے علاوہ کسی دوسرے کو ان کے معاملات میں مداخلت کی ضرورت نہیں۔

(11)

اے ڈی بی نے کہا ہے کہ آئی ایم ایف پروگرام کے تحت اصلاحات میں نمایاں پیش رفت ہوئی تاہم مستقل اصلاحات اور پالیسیوں پر عمل درآمد ضروری ہے، پاک امریکا تجارتی معاہدے سے سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال ہوا۔ اے ڈی بی کے مطابق حالیہ سیلاب سے بنیادی ڈھانچے اور زرعی زمینوں کو نقصان پہنچا، تعمیراتی شعبے کے لئے بجٹ 2026 میں مراعات بحالی میں مددگار ہوں گیں۔ ایشیائی ترقیاتی بینک نے مالی سال 2026 میں مہنگائی 6 فیصد تک پہنچنے کی توقع بھی کی ہے مہنگائی میں اضافے کی وجوہات سپلائی چین متاثر اور گیس ٹیرف میں اضافہ ہے۔ اے ڈی بی نے رپورٹ میں تجویز دی کہ اسٹیٹ بینک مہنگائی قابو میں رکھنے کے لیے محتاط پالیسی اپنائے۔

(12)

کرایا جائے گا۔ ذرائع نے بتایا کہ وفاقی حکومت آئی ایم ایف کو سیلاب متاثرین کی بحالی کیلئے وزیراعظم پیکیج دینے کی درخواست کرے گی۔ آئی ایم ایف نے سیلاب کے باعث نقصانات پر بنیادی ضروریات کے تخمینے کی رپورٹ مانگ لی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ خیبر پختونخوا نے سیلاب متاثرین کے ریلیف کیلئے 40 سے 50 ارب روپے کا تخمینہ پیش کیا ہے۔ سندھ نے 40 ارب روپے کے نقصانات کا ابتدائی تخمینہ لگایا ہے۔ جب کہ پنجاب بھی سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں ریلیف کے لئے ابتدائی ریلیف کا تخمینہ پیش کرے گا۔ ذرائع نے بتایا ہے کہ آئی ایم ایف کے ساتھ مذاکرات کے پانچویں روز این ایف سی اور سیلاب کے باعث نقصانات پر سیشنز ہوئے۔ وزارت خزانہ، سندھ، کے پی اور بلوچستان کے ساتھ بھی مذاکرات ہوئے، جس میں بتایا گیا کہ بلوچستان کو سیلاب کے باعث نقصان نہیں ہوا جب کہ مذاکرات کے چھٹے روز آئی ایم ایف پنجاب حکومت کے افسران سے بریفنگ لے گا۔ ذرائع نے بتایا کہ سیلاب متاثرین کے ریلیف کے لیے صوبائی حکومتیں اپنی آمدن بھی بڑھائیں گی۔

(13)

منعقدہ کامیاب جلسے پر عوام کا شکریہ ادا کیا گیا۔ اجلاس میں جلسے کے انتظامات اور دورانِ جلسہ پیش آنے والے افسوسناک واقعات، صحافیوں کے ساتھ ناروا سلوک، پولیس تشدد پر گہری تشویش کا اظہار کیا گیا۔ ضلع پشاور تنظیم نے میڈیا پر بعض افراد کی جانب سے دیئے گئے تاثرات کو مسترد کرتے ہوئے واضح کیا کہ جلسے کے انتظامات، اسٹیج ذمہ داری، اسٹیج سلنگ اور اختیارات ضلع پشاور تنظیم کے پاس نہیں تھے، ماسوا ایک سیکیورٹی چیک پوائنٹ کے جس پر کابینہ کا ایک رکن موجود تھا۔ اجلاس میں اس امر پر تشویش ظاہر کی گئی کہ جلسہ گاہ میں ناقص انتظامات اور پولیس کے رویے کی وجہ سے کارکنان اور مہمانوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ اس ضمن میں مزید تحقیقات کے لئے ایڈیشنل جنرل سیکریٹری قادر نواز کی سربراہی میں تین رکنی فیکٹ فائنڈنگ کمیٹی تشکیل دی گئی جس میں سینئر نائب صدر عامر سہیل خلیل اور نائب صدر رفیع اللہ شامل ہیں۔ کمیٹی اپنی سفارشات ضلعی تنظیم کو پیش کرے گی جو بعد ازاں پارٹی اراکین کے مابین پبلک کی جائیں گی۔ تنظیم نے واضح کیا کہ مستقبل میں ضلع پشاور میں کسی بھی سیاسی سرگرمی کی ذمہ داری صرف ضلعی تنظیم پر عائد ہوگی اور متعلقہ پارلیمنٹیرینز و صوبائی و حکومتی عہدیداران کی مکمل حمایت اور معاونت انکو میسر ہوگی۔ بصورت دیگر مشاورت کے بغیر کسی بھی سرگرمی کے ناکام ہونے کی ذمہ داری پشاور تنظیم پر ڈالنا ناقابلِ برداشت ہوگا۔ مزید برآں اجلاس میں جلسہ کے دوران میئر تحصیل متھرا کی جانب سے کارکن کے ساتھ نامناسب سلوک کی مذمت کی گئی جبکہ اجلاس میں واضح کیا گیا کہ مستقبل میں ایسے واقعات چاہے وہ کسی بھی شخصیت کی جانب سے سرزد ہوں، ناقابل برداشت تصور کی جائے گی، اراکین نے میئر کی کارکن کے گھر آمد اور ان سے معذرت کا خیر مقدم بھی کیا۔ آخر میں ضلع پشاور تنظیم نے ملک بھر سے آنے والے تمام مہمانوں سے دل آزاری پر معذرت کرتے ہوئے یقین دہانی کرائی کہ آئندہ ایسے واقعات کی روک تھام کیلئے موثر اقدامات کیے جائیں گے۔

(14)

میں بھی پاکستان خطے میں دوسرے نمبر پر پہنچ گیا۔ ایشیائی ترقیاتی بینک نے جنوبی ایشیائی معیشتوں پر رپورٹ جاری کردی۔ پاکستان کی معاشی ترقی رواں مالی سال صرف 3 فیصد رہنے کا امکان ہے، جو خطے میں افغانستان کے بعد سب سے کم ہے۔ رپورٹ کے مطابق بھارت 6.5 فیصد اور بھوٹان 6 فیصد کی شرح سے ترقی کریں گے۔ سری لنکا کی گروتھ 3.3، نیپال اور پاکستان کی تین جبکہ افغانستان کی 1.7 فیصد رہنے کا تخمینہ ہے۔ مہنگائی کے لحاظ سے پاکستان خطے میں دوسرے نمبر پر ہے۔ رواں سال پاکستان میں مہنگائی 6 فیصد جبکہ بنگلہ دیش میں 8 فیصد رہنے کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ سری لنکا اور نیپال میں 4.5، بھارت میں 4.2 اور افغانستان میں ایک فیصد مہنگائی رہنے کا امکان ہے۔

(15)

تحسین پیش کیا اور زخمی ایف سی جوانوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کی۔ انہوں نے کہا کہ بھارت نواز شرپسند عناصر کے ناپاک عزائم کو ناکام بناتے رہیں گے، پاکستان دشمن قوتوں کی مایوسی ان کی ناکامی اور انجام بد کی علامت ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ عالمی اور علاقائی منظرنامہ پاکستان مخالف ریاستوں اور ان کی پراکسیز کے خلاف تبدیل ہورہا ہے اس لیے وہ مایوسی اور بوکھلاہٹ کا شکار ہیں۔ آصف علی زرداری نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان، اس کے عوام اور اس کی سیکورٹی فورسز ان شاءاللہ غالب آئیں گی۔

(16)

نے پیپلز پارٹی پر تنقید کی ہے اور نہ ہی کسی کو کوئی جواب دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مریم نواز کا صوبے کے پانی سے متعلق موقف ہے، پنجاب کو پانی چوری کا کہا جائے گا تو جس نے موقف دینا تھا وہ دیا ہے، ان کی ذمہ داری ہے وہ موقف سامنے رکھیں، تمام صوبوں کو اپنے وسائل میں اپنے عوام کی خدمت کرنی چاہیے۔ رانا ثناءاللہ نے مزید کہا کہ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے ذریعے 10 ہزار روپے دیے جاتے ہیں اس مہنگائی میں کیا بنتا ہے؟ ہمارا مقف ہے پروگرام کو صوبوں کو دیا جائے جبکہ وفاق بھی اس میں اپنا حصہ ڈالے، میئر کراچی مرتضیٰ وہاب کہتے ہیں وفاق جو بھی ترقیاتی کام کرے وہ پہلے صوبائی حکومت کو مطلع کرے، میں ذاتی طور پر اس بات کا قائل ہوں کہ ایسا ہی ہونا چاہیے۔

(17)

انہوں نے کہا کہ اس واقعے میں معصوم جانوں کا ضیاع انتہائی افسوسناک اور ناقابلِ برداشت ہے لیکن دہشت گردی کی ایسی سفاکانہ کارروائیاں قوم کے حوصلے پست کرنے میں کبھی کامیاب نہیں ہوسکتیں بلکہ یہ حملے ہمارے عزم و حوصلے کو مزید مضبوط کرتے ہیں۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ پاکستانی عوام اور سیکیورٹی ادارے ملک دشمن عناصر کے ناپاک عزائم کو ہر صورت ناکام بنائیں گے۔ انہوں نے شہدا کے اہلخانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کی۔ فیصل خان جمالی نے مزید کہا کہ سیکیورٹی اداروں کی قربانیاں ہماری تاریخ کا روشن باب ہیں جنہیں فراموش نہیں کیا جا سکتا، پوری قوم ان قربانیوں کو سلام پیش کرتی ہے اور یکجہتی کے ساتھ دہشت گردی کے خلاف کھڑی ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ امن دشمنوں کو کبھی کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا اور ملک میں پائیدار امن کے لیے ہر سطح پر اقدامات کیے جائیں گے۔

(18)

لوگوں کو ہراساں کرنے کا عمل بھی جاری رکھا ہوا تھا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق آپریشن میں بڑی تعداد میں گراؤنڈ فورسز اور ہیلی کاپٹرز کا استعمال بھی کیا جارہا ہے، آپریشن کے نتیجے میں اب تک فتنہ الہندوستان کے 7 دہشت گرد مارے جاچکے ہیں اور 10 دہشت گردوں کے زخمی ہونے کی اطلاعات ہیں۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے تیار شدہ آئی ای ڈیز، ٹرانسمیٹرز، امریکی ساختہ خودکار ہتھیار، گرینیڈ، گولیاں اور موٹر سائیکلیں بھی برآمد ہوئیں ہیں۔ ذرائع نے مزید بتایا کہ سیکیورٹی فورسز نے فتنہ الہندوستان کی طرف سے بدوکشت کے مرکزی پل پر نصب کی گئی بڑی آئی ای ڈی کو کامیابی سے ناکارہ بنا دیا، سیکیورٹی فورسز زہری اور بلوچستان میں بھارت کے ایماء پر تخریبی کارروائیوں میں ملوث فتنہ الہندوستان کے خاتمے تک آپریشن جاری رکھنے کے لیے پرعزم ہیں۔

(19)

واقعے میں شہدا کے لواحقین سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا اور زخمیوں کے لیے جلد شفا کی دعا کی۔ قائم مقام چیئرمین سینیٹ نے بیان میں کہا کہ دھماکے میں کم از کم 10 افراد شہید اور 30 سے زائد زخمی ہوئے ہیں۔ انہوں نے اس واردات کو ملک کے امن کو متزلزل کرنے کی ناکام سازش قرار دیا اور کہا کہ پوری قوم اتحاد، حوصلے اور بہادری کے ساتھ دشمن کے عزائم کو ناکام بنائے گی۔ سیدال خان نے کہا کہ دہشت گردی کی لعنت نے ہزاروں معصوم جانوں کو نشانہ بنایا مگر قوم نے ہمیشہ ثابت قدمی اور یکجہتی کا مظاہرہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی قوم دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک چین سے نہیں بیٹھے گی اور ملک دشمن عناصر پاکستان کو کمزور دیکھنا چاہتے ہیں مگر قوم اور ادارے ایک زبان ہیں۔ قائم مقام چیئرمین سینیٹ نے حکام کو زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت کی اور فوراً مجرمانہ عناصر کو انصاف کے کٹہرے میں لانے پر زور دیا۔ انہوں نے واضح کیا کہ ریاست دہشت گردی کے خلاف اپنی پالیسی پر قائم ہے اور جدوجہد آخری دم تک جاری رہے گی۔

(20)

ظلم کے خلاف 7 اکتوبر کو کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں احتجاجی مظاہرے اور تقاریب کا انعقاد کرے گی بدامنی کے واقعات نے معصوم شہریوں کو غیر محفوظ بنا کر آئے روز شہید ہو رہے ہیں 10 افراد کی شہادت ہونے کے باوجود حکومتی بینچوں سے صرف مذمت بیان اور حملے کو ناکام قرار دینا دراصل اپنی ناکامی چھپانے کے مترادف ہیں' یہ بات انہوں نے ملی یکجہتی کونسل کے صوبائی رہنماء سید عتیق الرحمٰن' سید رضا اخلاقی' حاجی خلیل الرحمٰن' علامہ علی حسینی اور عبدالولی شاکر کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی' انہوں نے کہا کہ افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ آج ایک بار پھر ہمارے غلط پالیسی اور سیکورٹی لیپس ہونے کی وجہ سے معروف شاہراہ اور ایف سی ہیڈ کوارٹر کے قریب دہشت گردوں نے آ کر حملہ کیا جس میں 10 بے گناہ شہری شہید اور ساتھ میں سیکورٹی فورسز کے اہلکار بھی شہید ہوگئے ہیں متعدد زخمی ہیں ہمارے ہاں یہ روایت بن چکی ہے دیگر سیاسی جماعتوں کے ساتھ حکومت کی جانب سے بھی مذمتی بیان جاری کرتے ہیں لیکن آج تک اس طرح پالیسی نہیں بنائی جس سے اس طرح بدامنی کے واقعات کا روک تھام ہوسکے انہوں نے کہا کہ بحیثیت پارلیمانی ممبر میں نے اسمبلی فلور اجلاس اور دیگر پلیٹ فارم میں اس حوالے تجاویز دے دیئے لیکن ہمارے غریب کی تجاویز کون سنتا ہے اور کون اس پر عملدرآمد کرتا ہے وجہ یہ نکلا کہ آج ایک بار پھر ہم معصوم لوگوں کی شہادتیں دے رہے ہیں انہوں نے کہا کہ گزشتہ ملی یکجہتی کونسل کا اجلاس ہوا جس میں شامل رہنماؤں نے شرکت کی اور یہ فیصلہ کیا کہ اسرائیلی جارحیت کا نہ روکنے والا سلسلہ قابل مذمت اور انسانیت دشمن پالیسی ہے لیکن افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ ہمارے ہاں اسلامی ممالک کے رہنماء خاموشی تماشائی بنے بیٹھے ہیں انہوں نے کہا کہ اس ظلم کے خلاف ہم نے فیصلہ کیا کہ عوام کے پاس جا کر سات اکتوبر کو بھرپور احتجاج کریں گے اور اسرائیلی جارحیت کی مذمت کریں گے۔

(21)

طریقے سے اجاگر کیا، غزہ میں جاری ظلم پر بات کی، غزہ جنگ بندی امداد کی فراہمی پر بات چیت کی۔ مختلف سوالات پر اسحاق ڈار نے کہا کہ امریکا نے جو 12 نکاتی ڈاکیومنٹس جاری کیے ہیں اسے من وعن تسلیم نہیں کیا گیا پاکستان نے اس میں ترامیم کیں، ابھی جو ڈاکیومنٹس ہیں وہ امریکا نے جاری کیے ہیں ہماری ترامیم شامل اگر نہیں ہیں تو شامل ہونی چاہییں۔ انہوں نے بتایا کہ انڈونیشیا نے 20 ہزار فوجی فلسطین بھیجنے کی پیشکش کی ہے، امید ہے پاکستان بھی فلسطین فوج بھیجنے کا فیصلہ کرے گا، ہم فلسطین سے اسرائیل کے مکمل انخلا کے لیے پرعزم ہیں، منصوبے کے تحت فلسطین میں امن فورس تعینات ہوگی اور فلسطین کے امن بورڈ میں زیادہ تر فلسطینی حکام شامل ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی پالیسی بالکل واضح ہے، وزیراعظم نے اسمبلی اجلاس میں اسے ہی دہرایا ہے، سارک ممالک بھی ہمارے اس پالیسی میں ہمارے ساتھ ہیں، مشرف کی پالیسی پر میں کوئی تنقید نہیں کرنا چاہتا وہ اب دنیا سے رخصت ہوچکے مناسب نہیں کہ ان پر بحث کی جائے۔

روزنامہ
Daily ASKAR INTERNATIONAL QUETTA
MEMBER A.P.N.S
عسکر انٹرنیشنل کوئٹہ
چیف ایڈیٹر: سید فاروق شاہ
رجسٹرڈ نمبر BC-A-21

چیف ایڈیٹر و پبلشر سید فاروق شاہ نے روزنامہ عسکر انٹرنیشنل کوئٹہ کو انڈ پینڈنٹ پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر دفتر روزنامہ عسکر انٹرنیشنل آفس نمبر 315 یونیورسل کمپلیکس 3ed فلور سے شائع کیا۔ فون نمبر:۔

03318383955 0812837048

# ہار تو کھیل کی ہوئی

بھارت نے پاکستان کو فائنل میں پانچ وکٹوں سے شکست دے کر ''ویمنز ٹی ٹونٹی ایشیاء کپ'' کرکٹ ٹورنامنٹ جیت لیا۔ پاکستانی ٹیم پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 146 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی تھی جبکہ بھارت نے 147 رنز کا ہدف پانچ وکٹوں کے نقصان پر پورا کر کے نویں مرتبہ ایشیاء کپ جیت لیا، ابھی آخری اوور کی دو گیندیں باقی تھیں۔ ایشیاء کپ کی تقسیمِ انعامات کی تقریب میں بھارتی کرکٹ ٹیم کی وجہ سے خاصی بدمزگی ہوگئی، اس نے ایشین کرکٹ کونسل (اے سی سی) کے صدر محسن نقوی سے ٹرافی لینے سے انکار کر دیا، تقریب کے میزبان نے بتایا کہ بھارتی ٹیم اے سی اے کے پاکستانی صدر محسن نقوی سے ٹرافی وصول نہیں کرے گی، جس کی وجہ سے دبئی کرکٹ سٹیڈیم میں ہونے والی تقریب تاخیر کا شکار رہی۔ ایک طرف بھارتی ٹیم ضد پر اڑی رہی اور دوسری طرف محسن نقوی ڈٹے رہے، بھارتی ٹیم ٹس سے مس نہ ہوئی جس کی وجہ سے انفرادی انعامات تقسیم کرنے کے بعد میڈل اور ٹرافی اے سی سی کے دفتر بھجوا دی گئی۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ محسن نقوی اور دیگر مہمانوں کے جانے کے بعد بھارتی ٹیم سٹیج پر آئی اور ٹرافی یا میڈلوں کے بغیر ہی سٹیج پر گروپ فوٹو اور جشن مناتی رہی۔ بھارتی کھلاڑیوں نے فرضی ٹرافیوں کے ساتھ تصویریں سوشل میڈیا پر شیئر کیں۔ میچ کے بعد پریس کانفرنس کے دوران ایشیاء کپ 2025ء کی ٹرافی نہ لینے پر بھارتی کرکٹ ٹیم کے کپتان سوریا کمار یادیو پر بھارتی صحافیوں نے خاصی تنقید کی اور کہا کہ انڈیا جیت تو گیا لیکن کھیل کی ہار ہوگئی جس پر بھارتی کپتان کا کہنا تھا کہ مثبت چیز پر توجہ دیں، بھارتی ٹیم پورے ٹورنامنٹ میں ناقابل شکست رہی، کھلاڑیوں نے اچھا پرفارم کیا، ٹرافی نہ ملنے کے باوجود ٹیم کے چہروں پر مسکراہٹ ہے۔ پاکستانی صحافی نے سوریا کمار یادیو کو کہا کہ وہ پہلے کپتان ہیں جنہوں نے سیاسی پریس کانفرنس کی، کھیل میں سیاست لائے، ٹرافی فوٹو سیشن میں نہیں گئے، پاکستانی کھلاڑیوں سے ہاتھ نہیں ملایا جسے وہ کمال خوبصورتی سے گول کر گئے۔ انہوں نے چار سوال لیے تو سہی لیکن جواب کسی ایک کا بھی نہیں دیا، بلکہ بھارتی ٹیم کے منیجر کے کہنے پر پاکستانی صحافی سے مائیک ہی لے لیا گیا اور کسی دوسرے پاکستانی صحافی کو سوال نہیں کرنے دیا گیا جس پر اُنہوں نے اپنا احتجاج ریکارڈ بھی کرایا۔ ایشیاء کپ کے دوران بھارتی ٹیم نے کھیل کی روح کی خلاف ورزی کرتے ہوئے نہ تو پاکستانی ٹیم سے ہاتھ ملایا اور نہ ہی فائنل سے قبل بھارتی کپتان نے پاکستانی کپتان اور ٹرافی کے ساتھ فوٹو سیشن کرایا۔ ایشیاء کپ کے اِس سے قبل کھیلے گئے میچ میں بھی بھارتی ٹیم کی طرف سے مصافحہ نہ کیے جانے کے باعث پاکستان نے انٹرنیشنل کرکٹ کونسل سے باضابطہ شکایت کی تھی۔ بھارتی کرکٹ بورڈ نے ٹرافی نہ ملنے کی باضابطہ شکایت آئی سی سی کو کر دی ہے جبکہ پاکستان اِس معاملے کو نومبر میں ہونے والی آئی سی سی کی میٹنگ میں اُٹھانے کا ارادہ رکھتا ہے۔

# بہار آئی تو.....!!

عرفان صدیقی

برادر عزیز نصرت جاوید نے مستحکم جمہوری انقلاب بپا کرنے کے حوالے سے ''سوشل میڈیا'' کو ''واہمہ'' قرار دے کر ایک پُرانی بحث کا نیا دریچہ کھول دیا ہے۔ بلاشبہ کبھی یہ ''واہمہ'' یا ''سراب نظر'' تھا مگر ''بہارِ عرب'' کے فیضان سے کھِلے گلستانوں کے بعد یہ ''واہمہ'' نابود ہوگیا۔ معلوم پڑا کہ فوری جذباتی اشتعال، جھنجھلاہٹ، غیض وغضب اور بے سمتی جابروں کے تختے تو اُلٹ سکتی ہے، ریاستوں اور خلقِ خدا کی تقدیریں نہیں بدل سکتی۔ پندرہ برس قبل، دسمبر 2010ء میں، حالات سے تنگ ایک تیونسی نوجوان، محمد بن بُوعزیزی نے خودسوزی کر لی۔ صدر زین العابدین کے طویل اقتدار سے تنگ آئے، جبر کی چکی میں پستے عوام کا لاوہ پھٹ پڑا۔ 'سوشل میڈیا' نے توپوں کے دہانے کھول دیے۔ زین العابدین فرار ہوکر سعودی عرب پہنچا۔ نو برس بعد انتقال ہوا تو مدینہ منورہ میں دفن کر دیا گیا۔ تیونس، 'سوشل میڈیا' کی فتح عظیم کا استعارہ بن کے ابھرا۔ اُس کے قومی پھول، 'چنبیلی' کی مناسبت سے فرانس کے ایک مفکر نے، اِسے ''انقلاب یاسمین'' کا رومانوی نام دے دیا۔ مشرق وسطیٰ امور کے ماہر ایک معروف امریکی مبصر، مارک لنچ (LynchMarch) نے فارن پالیسی میں لکھے اپنے ایک آرٹیکل میں اِسے 'بہارِ عرب' (SpringArab) کا نام دے کر ''سوشل میڈیا'' کے ماتھے کا جھومر بنا دیا۔ گذشتہ پندرہ برس کی کہانی، تفصیل مانگتی ہے۔ خلاصہ یہ کہ تیونس، ہمہ نوع زوال کی نئی پستیوں میں لڑھک چکا ہے۔ یہ اولیں تاثر خاک ہوا کہ شاید تیونس ''بہارِ عرب'' کی شاخ پہ کھلنے والا پہلا جمہوری ملک ہوگا۔

وہاں اِن دنوں قیس سعید نامی شخص کی حکمرانی ہے جو 2019ء سے صدارت سنبھالے بیٹھا ہے اور گذشتہ سال ایک ایسے انتخابات میں 90.61 فی صد ووٹ لے کر نئی معیاد صدارت سنبھال لی، جس میں ووٹوں کی شرح صرف 28 فی صد تھی۔ فوج کے پہرے میں کھڑی پارلیمنٹ معطل اور غیر فعال، ارکان کے حقوق اور ضمانتیں ختم، متفقہ آئین قصہ پارینہ، لامحدود اختیار کا حامل خود وضع کردہ دستور، شہری آزادیوں پر شدید قدغنیں، سوشل میڈیا پر کسی سرکاری اہلکار یا ادارے کے بارے میں بال برابر گستاخی کی سزا چھ برس قید اور بھاری جرمانے۔ آج تیونس زین العابدین نہیں، قیس سعید کی جنبش لب کا نام ہے۔ پہلے سے کہیں تباہ حال، پہلے سے کہیں اذیت ناک، ''ون آن ون'' نامی تازہ عوامی سروے میں 87 فی صد افراد نے شدید مایوسی اور بداعتمادی کا اظہار کیا اور کہا کہ ہماری زندگی زیادہ اجیرن ہوچکی ہے۔ فروری 2011ء کی ایک زوپہلی صبح 'چنبیلی' نے اُڑان بھری اور قاہرہ کے ''میدان التحریر'' (تحریر چوک) جا پہنچی۔ بتیس برس سے قابض حُسنی مبارک نے اقتدار مسلح افواج کو سونپا اور اپنے ذاتی محل منتقل ہوگیا۔ 2012ء کے انتخابات ''اخوان المسلمون'' نے جیت لئے۔ محمد مُرسی نے پہلے جمہوری صدر کا حلف اٹھالیا۔ چند ماہ بعد مُرسی کا تختہ الٹ کر آرمی چیف جنرل عبدالفتاح نے اقتدار پر قبضہ جمالیا 2013ء میں مُرسی کے حامیوں کے اجتماع پر افواج نے یلغار کر دی۔ ایک ہزار سے زائد افراد بھون ڈالے گئے۔ قاہرہ، پہلے سے کہیں زیادہ قاہر موسموں کی گرفت میں ہے۔ حُسنی مبارک کا 91 برس کی عمر میں انتقال ہوا تو تابوت قومی پرچم میں لپیٹا گیا۔ وزیراعظم اور کابینہ سمیت افواج نے گارڈ آف آنر پیش کیا اور اُسے اپنے خاندانی قبرستان میں دفن کر دیا۔ مصر کے نئے حُسنی مبارک کا نام جنرل عبدالفتاح ہے جسکے اقتدار کو اب تیرھواں سال آن لگا ہے۔ عالمی شاطر، من پسند مہرے چلا رہے ہیں۔ فروری 2011ء میں ہی، تیونس کی چنبیلی طرابلس پہنچی اور 42 سالہ مطلق العنان اقتدار کے حامل کرنل معمر قذافی کے دروازے پر دستک دی۔ اب کے عالمی ضمیر بھی پھڑک اٹھا۔ اقوام متحدہ اور نیٹو حرکت میں آئے۔ لیبیا بموں کا نشانہ بنا۔ اکتوبر میں معمر قذافی کو بے دردی سے مار کر صحرا کے کسی گمنام گوشے کی نذر کر دیا گیا۔ لیبیا آج بھی انگاروں پر لوٹ رہا ہے۔ کوئی مستحکم مرکزی نظم قائم نہیں۔ عالمی گماشتوں کی ایک کٹھ پتلی کو حکومت قرار دے دیا گیا ہے۔ ملک شدید معاشی بدحالی، بدامنی، مسلح گروہوں کی جتھہ بندی، سیاسی مفادی گروہوں کی آویزش، خانہ جنگی، مہنگائی، بے روزگاری، جرائم، کرپشن، اقربا پروری اور عدم استحکام کا مثالی نمونہ بن چکا ہے۔ اس کی ایک بڑی شہرت، غیر قانونی تارکین وطن کے ''ٹرانزٹ کیمپ'' کی ہو کے رہ گئی ہے۔ واہموں کے خواب تراشتا اور سرابوں کا تعاقب کرتا 'سوشل میڈیا'، 'بہارِ عرب' کے طلائی بجرے میں سوار یمن پہنچا۔ چنبیلی نے چونتیس برس سے اقتدار پر قابض علی عبداللہ صالح طنطاوی کو پیام رخصت دیا۔ اُس نے جان بخشی کے نام پر استعفےٰ دے دیا لیکن خوشیوں کے ہاتھوں قتل ہوا۔ آج یمن کو تمام عالمی ادارے سب سے بڑے انسانی المیے کا نام دیتے ہیں۔ کوئی مستحکم مرکزی حکومت نہیں۔ دارالحکومت صنعا، حوثیوں کے تسلط میں ہے۔ ایک نام نہاد صدارتی کونسل کو باضابطہ حکومت مانا جاتا ہے۔ عالمی اور گردوپیش کے ممالک نے اپنے اپنے مفاد میں یمن کے اندر کئی چھوٹے چھوٹے 'یمن' بنا رکھے ہیں۔ چارسُو بھوک، ننگ، افلاس، بیماریوں، وباؤں، بے روزگاری، مہنگائی، فاقہ کشی، لوٹ مار اور افراتفری کا آسیب، رقص کر رہا ہے 2023ء کے گیلپ پول کے مطابق 71 فی صد لوگوں کا کہنا ہے کہ ہمیں دو وقت کا پورا کھانا نہیں ملتا۔ مارچ 2011ء میں 'بہارِ عرب' کا قافلہ رنگ وبُو بشار الاسد کے دمشق پہنچا۔ شام کے ''نونہالانِ سوشل میڈیا'' نے پل بھر میں اسے طوفان میں ڈھال دیا۔ بشار نے اپنے طاقت ور اتحادیوں کے زور پر بھرپور مزاحمت کی۔ اس مزاحمتی جنگ میں پانچ لاکھ افراد قتل ہوگئے جن میں بڑی تعداد ''واہمہ پرست'' نوجوانوں کی تھی۔ لاکھوں بے گھر ہوئے۔ لاکھوں نقل مکانی کر گئے۔ شرق وغرب اور شمال وجنوب میں اپنے اپنے آقا رکھنے والی حکومتیں قائم ہیں۔ اختیار واقتدار سے محروم بشار الاسد، روس کی بھرپور مدد سے تحکم قائم رکھنے کی کوشش میں ناکام ہوچکا ہے۔ خبر یہ بھی ہے کہ وہ فرار ہوکر ماسکو جا بسا ہے۔ اُدھر کٹے پھٹے شام کے مفلوک الحال عوام کا حال یہ ہے کہ 90 فی صد خطِ غربت کی لکیر سے نیچے لڑھک چکے ہیں۔ 'واہمے' کے گمانستان سے جنم لینے والی ''بہار عرب'' ریگزاروں کی ریت اڑاتی، بگولے بناتی، کانٹوں بھرے جھاڑ جھنکار کا کوہ گراں سمیٹے عالم عرب کے پانچ ممالک میں رقص کر رہی ہے۔ آمروں اور جابروں کے تختے الٹ گئے۔ لیکن جس ستم رسیدہ خلقِ خدا کی زندگی میں کوئی تبدیلی آنا تھی، اُن کے دن پہلے سے کہیں زیادہ کڑے، راتیں پہلے سے کہیں زیادہ بھاری ہوچکی ہیں۔ 'سوشل میڈیا' کا 'واہمہ' یہی معجزہ دکھا سکتا تھا۔ اس کا طلسم ٹوٹ چکا۔ ایک حقیقت، درودیوار پر کندہ ہوچکی ہے کہ فتنہ وفتور کی بے مہار لہر کو 'سوشل میڈیا' کا پُرشباب نام دیں، چنبیلی کہیں یا 'بہارِ عرب' کا معطّر خطاب، سب محض غارت گری کا نسخہ ہیں۔ ''میری وضع کردہ اصطلاح 'بہارِ عرب' (SpringArab) غالباً قبل از وقت تھی جس کے تحت عالمِ عرب میں ایک جمہوری انقلاب کا تصور اخذ کر لیا تھا۔ لیکن اصل میں ہوا یہ کہ بیشتر احتجاجی ابھار، تازہ دم آمریتوں، خانہ جنگیوں اور ریاستوں کے انہدام پر منتج ہوئے۔'' آمروں اور جابروں کی معلوم ونامعلوم قبروں پر کس نے جانا ہے؟ نہیں معلوم تیونس کے چھبیس سالہ ریڑھی بان، محمد بن بُوعزیزی کے مزار یا اُسکی ریڑھی کے مجسمے پر بھی کوئی تازہ دم، معصوم، اُجلی چنبیلیوں کے ہار ڈالنے جاتا ہے یا نہیں۔ برادر عزیز نصرت جاوید نے مستحکم جمہوری انقلاب بپا کرنے کے حوالے سے ''سوشل میڈیا'' کو ''واہمہ'' قرار دے کر ایک پُرانی بحث کا نیا دریچہ کھول دیا ہے۔ بلاشبہ کبھی یہ ''واہمہ'' یا ''سراب نظر'' تھا مگر ''بہارِ عرب'' کے فیضان سے کھِلے گلستانوں کے بعد یہ ''واہمہ'' نابود ہوگیا۔ معلوم پڑا کہ فوری جذباتی اشتعال، جھنجھلاہٹ، غیض وغضب اور بے سمتی جابروں کے تختے تو اُلٹ سکتی ہے، ریاستوں اور خلقِ خدا کی تقدیریں نہیں بدل سکتی۔

# بابل کی دعائیں لیتی جا.....

اسد شہزاد

یہ بیٹیاں یہ لاڈلی دلاری دھی رانیاں، بابل کے گھر کی روشنیاں، ہر طرف لہلاتی، دوڑتی، اچھلتی، کودتی یہ لاڈلیاں۔ ماں باپ کی بانہوں میں جھولتی یہ پریاں۔ ادھر رخصتی کی خوشیاں ادھر جب اپنے پیا گھر سدھارتی ہیں تو خاص کر شادی کی رسموں میں گائے جانے والے رخصتی کے دکھی گیت بیٹی کی رخصتی یا بہن کی جدائی ماں باپ اور بہن بھائیوں کے لیے بڑے ہی غم کا ماحول پیدا کر دیتے ہیں۔ یہی دھی رانیاں جن کو لاڈ پیار سے پالا ہوتا ہے جن کے ساتھ کھیلتے کودتے لڑتے جھگڑتے ایک عمر گزاری ہوتی ہے اور پھر شادی کے ماحول میں ان سے جدا ہونا بہت دل گداز ہوتا ہے۔ آج کے کالم کا میرا موضوع بھی شادی پر گائے جانے والے گیت ہیں جو بیٹیوں کی شادی اور رخصتی کے حوالے سے پاک بھارت میں اردو پنجابی زبان کے بے شمار گیت مقبول عام ہوئے ان میں ایک گیت محمد رفیع کا گایا ''بابل کی دعائیں لیتی جا'' کئی عشروں پہلے گایا یہ گیت آج شادی بیاہ پر سرفہرست ہے۔ یہ سدا بہار گیت جب بھی آپ سنیں دل کو اپنی طرف کھینچ لیتا ہے۔ اس میں گانے کے بول اور شاعری بہت ہی کمال ہے اور اوپر سے رفیع کی آواز کا جادو سننے والوں پر سحر طاری کر دیتا ہے۔ بلاشبہ محمد رفیع نے اس گیت کو جس قدر ڈوب کر گایا اس کی کہیں مثال نہیں ملتی۔ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ رفیع نے بڑے جذبات میں اترتے ہوئے اپنی بیٹی کی رخصتی پر یہ گیت گایا ہو۔ گانے کے ایک مصرعے ''کانٹا بھی نہ چبھنے پائے کبھی میری لاڈلی تیرے پاؤں میں'' میں انہوں نے لفظ ''چبھنے'' کو اس انداز سے ادا کیا ہے کہ اس کا درد سیدھا دل پہ جا کے محسوس ہوتا ہے۔ آج بھی مجھے یاد ہے کہ جب میری سب سے بڑی بہن کی شادی ہوئی تو اس وقت ہم چھوٹے تھے۔ اس زمانے میں بھی شادی کی مووی میں یہ گیت رخصتی کے وقت لگا کرتا تھا اور اماں، ابا اور ہم سب بہن بھائی مووی دیکھتے ہوئے باقاعدہ زار وقطار روتے تھے۔ خیر پھر وقت بدلا ہم بڑے ہوئے اور ہماری بھی شادی ہوگئی۔ اس گیت نے طویل حکمرانی کی۔ اس گیت کے بعد نصرت فتح علی خاں کا رخصتی کا گیت ''دولہے کا سہرا سہانا لگتا ہے'' آیا تو اس نے آتے ہی بڑی دھوم مچادی۔ آج ہر گھر میں شادیوں کی مووز میں جب یہ نغمہ رخصتی کے وقت چلتا تو اس دور میں رفیع کے گیت کی بھی یاد آجاتی ہے۔ نصرت فتح علی خان کے گائے اس گیت کے پیچھے بھی ایک اہم واقعہ ہے کہ نصرت فتح علی خان نے جب اس گیت کو گانے سے انکار کیا تو موسیقار نے ضد کی کہ یہ آپ ہی گائیں گے۔ اس سلسلے میں حال ہی میں اس گیت کے نغمہ نگار سمیر نے اس گیت کی تخلیق کے بارے میں انتہائی دلچسپ انکشافات کئے۔ وہ کہتے ہیں کہ جب میں نے گیت لکھا اور موسیقار ندیم شرون نے اس کی دھن تیار کی جو نصرت فتح علی خان کے بہت بڑے مداح اور وہ چاہتے تھے کہ یہ گیت خان صاحب ہی گائیں گے جبکہ انہیں یہ بھی پتہ تھا کہ نصرت صاحب کسی دوسرے موسیقار کی کمپوزیشن نہیں گاتے اب ان دنوں خان صاحب اتفاقاً بھارت میں ہی موجود تھے۔ چنانچہ سمیر اور ندیم شرون ہوٹل پہنچے اور اپنا مدعا بیان کیا۔ یہاں یہ بھی بتاتا چلوں کہ خان صاحب فن کے حوالے سے سمیر اور ندیم شرون کی قدر کرتے تھے لیکن انہوں نے اس شرط پر حامی بھری کہ اگر گیت کے بول اور کمپوزیشن انہیں پسند آئی تو ہی وہ یہ گیت گائیں گے ایک دن جب انہوں نے ہوٹل میں اس کی کمپوزنگ کو سنا تو فوراً حامی بھر لی اور آخر کار بمبئی کے سنی سٹوڈیو میں ''دولہے کا سہرا سہانا لگتا ہے'' کی ریکارڈنگ شروع ہوئی۔ تو ایک عجیب واقعہ رونما ہوا اور کسی کے وہم وگمان میں بھی نہیں تھا نصرت فتح علی خان جیسا عظیم گلوکار جس نے بڑے بڑے دکھی گیت بھی گائے وہ روئیں گے۔ دراصل ہوا یہ کہ بار بار ریکارڈنگ کو روکنا پڑا کیونکہ خان صاحب جب گانے کے مصرعے ''میں تیری بانہوں کے جھولے میں پلی بابل، جا رہی ہوں چھوڑ کے تیری گلی بابل'' پر پہنچتے تو ان کی آواز رندھ جاتی اور وہ رونے لگتے وہاں موجود لوگوں کے پوچھنے پر خان صاحب نے بتایا کہ ایسے مواقع پر مجھے اپنی بیٹیاں یاد آجاتی ہیں۔ پھر سمیر کے بقول ڈیڑھ گھنٹے تک ٹیک، ری ٹیک ہوتا رہا یہاں تک کہ تجویز دی گئی کہ گانے کی ریکارڈنگ کسی اور دن کے لئے ملتوی کر دی جائے لیکن خان صاحب نے کہا کہ نہیں گانا آج ہی ریکارڈ ہوگا یا پھر نہیں ہوگا۔ رات گئے تک گانا ریکارڈ ہوا اور سن 2000ء میں خان صاحب کی وفات کے 3 سال بعد فلم ''دھڑکن'' میں اس گیت کو پیش کیا گیا۔ خان صاحب کی وفات کی وجہ سے اس گانے کو قادر خان پر فلمایا گیا جنہوں نے بھرپور کوشش تو کی لیکن اس لیجنڈ گلوکار کی آواز انہی پر ہی سوٹ کرتی تھی لیکن بہرحال فلم اور اس کے سارے گیت سپر ہٹ ہوئے۔ اور آخری بات۔ شادی بیاہ کے یہ گیت جہاں دل کو موہ لیتے ہیں وہاں انسان کو آنسوؤں میں بہائے جاتے ہیں۔ محمد رفیع، نصرت فتح علی خان کے بعد شادی بیاہ کے گیت پاکستان کی فلموں میں سب سے زیادہ گیت نور جہاں نے گائے۔ ان کا پنجابی کا یہ گیت۔۔ ہائے وے میرے سوہنیا ربا۔۔ کناں جمیاں تے کناں نے لیہ جانیاں۔۔ کالا دیورا پابھی نال لڑیا اوے۔۔ گلوکار نسیم بیگم کا یہ گیت دیساں دا راجہ میرے بابل دا پیارا بھی بہت مقبول ہوا اور وہ کل کی طرح آج بھی تازہ خوشبو کی طرح محسوس کیے جاتے ہیں مگر نصرت فتح علی خان اور محمد رفیع کے گائے گیت شاید آنے والی صدیوں تک گائے جائیں گے۔ یہ بیٹیاں یہ لاڈلی دلاری دھی رانیاں، بابل کے گھر کی روشنیاں، ہر طرف لہلاتی، دوڑتی، اچھلتی، کودتی یہ لاڈلیاں۔ ماں باپ کی بانہوں میں جھولتی یہ پریاں۔ ادھر رخصتی کی خوشیاں ادھر جب اپنے پیا گھر سدھارتی ہیں تو خاص کر شادی کی رسموں میں گائے جانے والے رخصتی کے دکھی گیت بیٹی کی رخصتی یا بہن کی جدائی ماں باپ اور بہن بھائیوں کے لیے بڑے ہی غم کا ماحول پیدا کر دیتے ہیں۔ یہی دھی رانیاں جن کو لاڈ پیار سے پالا ہوتا ہے جن کے ساتھ کھیلتے کودتے لڑتے جھگڑتے ایک عمر گزاری ہوتی ہے اور پھر شادی کے ماحول میں ان سے جدا ہونا بہت دل گداز ہوتا ہے۔ آج کے کالم کا میرا موضوع بھی شادی پر گائے جانے والے گیت ہیں جو بیٹیوں کی شادی اور رخصتی کے حوالے سے پاک بھارت میں اردو پنجابی زبان کے بے شمار گیت مقبول عام ہوئے ان میں ایک گیت محمد رفیع کا گایا ''بابل کی دعائیں لیتی جا'' کئی عشروں پہلے گایا یہ گیت آج شادی بیاہ پر سرفہرست ہے۔ یہ سدا بہار گیت جب بھی آپ سنیں دل کو اپنی طرف کھینچ لیتا ہے۔ اس میں گانے کے بول اور شاعری بہت ہی کمال ہے اور اوپر سے رفیع کی آواز کا جادو سننے والوں پر سحر طاری کر دیتا ہے۔ بلاشبہ محمد رفیع نے اس گیت کو جس قدر ڈوب کر گایا اس کی کہیں مثال نہیں ملتی۔ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ رفیع نے بڑے جذبات میں اترتے ہوئے اپنی بیٹی کی رخصتی پر یہ گیت گایا ہو۔ گانے کے ایک مصرعے ''کانٹا بھی نہ چبھنے پائے کبھی میری لاڈلی تیرے پاؤں میں'' میں انہوں نے لفظ ''چبھنے'' کو اس انداز سے ادا کیا ہے کہ اس کا درد سیدھا دل پہ جا کے محسوس ہوتا ہے۔ آج بھی مجھے یاد ہے کہ جب میری سب سے بڑی بہن کی شادی ہوئی تو اس وقت ہم چھوٹے تھے۔ اس زمانے میں بھی شادی کی مووی میں یہ گیت رخصتی کے وقت لگا کرتا تھا اور اماں، ابا اور ہم سب بہن بھائی مووی دیکھتے ہوئے باقاعدہ زار وقطار روتے تھے۔ خیر پھر وقت بدلا ہم بڑے ہوئے اور ہماری بھی شادی ہوگئی۔ اس گیت نے طویل حکمرانی کی۔

# میں کیا لکھوں؟

غلام حیدر شیخ

روزانہ اخبارات کا مطالعہ کرتے ہوئے ایک عجیب سا احساس دل میں جاگ اٹھتا ہے۔ خبریں وہی پرانی، موضوعات وہی مانوس، اور سرخیاں بھی تقریباً ایک جیسی۔ کبھی فلسطین پر اسرائیلی جارحیت کی تازہ رپورٹ، کبھی پاکستان کے کسی حصے میں آنے والے سیلاب کی تباہ کاریوں کی تفصیلات، اور کبھی وزیراعظم یا وزرائے اعلیٰ کے بیانات جن میں عوام کی خدمت کے وعدے اور بڑے بڑے منصوبوں کے دعوے شامل ہوتے ہیں، ایک ہی موضوع پر مسلسل خبریں پڑھتے پڑھتے قاری کا ذہن جیسے سن ہو جاتا ہے، وہ خبر کو پڑھتا تو ہے مگر اس کے اندر کوئی نئی لہر پیدا نہیں ہوتی، کیونکہ ہر روز کے واقعات کی تکرار اس کے لیے ایک معمول بن جاتی ہے، یہی کیفیت بعض اوقات لکھاری کے لیے بھی پیدا ہوتی ہے اور وہ سوچنے لگتا ہے: "میں کیا لکھوں؟" یہ سوال محض ایک جملہ نہیں بلکہ ہمارے معاشرے کی اجتماعی تھکن کی علامت ہے، جب اخبارات میں ایک جیسے موضوعات بار بار آتے ہیں تو قاری کے ذہن پر ایک طرح کی بے حسی چھا جاتی ہے، فلسطین پر ظلم کی خبریں پڑھتے پڑھتے ہم اس المیے کو محض ایک معمولی واقعہ سمجھنے لگتے ہیں، حالانکہ ہر خبر کے پیچھے بے شمار انسانی جانیں، ٹوٹے ہوئے گھرانے اور برباد ہوتی زندگیاں ہوتی ہیں مگر روزانہ کی تکرار سے ہمارے جذبات اس حد تک ماند ہوگئے ہیں، کہ اب کسی ایک اور معصوم بچے کی شہادت کی خبر بھی ہمیں جھنجھوڑ نہیں پاتی، یہی حال ہمارے ملک کے مسائل کا ہے، پاکستان میں ہر سال سیلاب آتا ہے، کھیت اور گھر تباہ ہوتے ہیں، لاکھوں لوگ بے گھر ہو جاتے ہیں، مگر خبریں پڑھتے ہوئے ایسا لگتا ہے جیسے یہ سب ایک پرانی فلم دوبارہ چل رہی ہو۔ لکھاری کے لیے سب سے بڑا چیلنج یہ ہے کہ وہ ایسے حالات میں اپنی تحریر کو کس زاویے سے پیش کرے کہ وہ قاری کو جھنجھوڑ سکے۔ جب موضوعات میں تنوع نہ ہو اور خبریں ایک ہی دائرے میں گھومتی رہیں تو لفظوں کی طاقت کمزور پڑنے لگتی ہے، مثال کے طور پر اگر وزیراعظم روزانہ کسی ترقیاتی منصوبے کے افتتاح پر تقریر کریں، اور اخبار میں روزانہ ان کے بیانات شائع ہوں، تو ایک صحافی یا کالم نگار کے لیے ان بیانات میں کوئی نئی بات تلاش کرنا مشکل ہو جاتا ہے، ایسے میں لکھاری اکثر خود سے پوچھتا ہے: "میں کیا لکھوں؟" کیونکہ اگر وہ وہی پرانے الفاظ دہرائے گا تو اس کی تحریر قاری کو متاثر نہیں کر سکے گی۔ یہ مسئلہ محض خبروں کی یکسانیت کا نہیں بلکہ ہمارے معاشرے کے جمود کا بھی ہے، فلسطین پر روزانہ ظلم ہوتا ہے مگر عالمی طاقتیں خاموش رہتی ہیں، پاکستان میں ہر سال سیلاب آتا ہے مگر بنیادی ڈھانچے کی بہتری کے لیے کوئی عملی اقدامات نہیں کیے جاتے، اور ہمارے سیاستدان ہر روز تقریریں کرتے ہیں۔ یہی کیفیت بعض اوقات لکھاری کے لیے بھی پیدا ہوتی ہے اور وہ سوچنے لگتا ہے: "میں کیا لکھوں؟" یہ سوال محض ایک جملہ نہیں بلکہ ہمارے معاشرے کی اجتماعی تھکن کی علامت ہے، جب اخبارات میں ایک جیسے موضوعات بار بار آتے ہیں تو قاری کے ذہن پر ایک طرح کی بے حسی چھا جاتی ہے، فلسطین پر ظلم کی خبریں پڑھتے پڑھتے ہم اس المیے کو محض ایک معمولی واقعہ سمجھنے لگتے ہیں، حالانکہ ہر خبر کے پیچھے بے شمار انسانی جانیں، ٹوٹے ہوئے گھرانے اور برباد ہوتی زندگیاں ہوتی ہیں مگر روزانہ کی تکرار سے ہمارے جذبات اس حد تک ماند ہوگئے ہیں، کہ اب کسی ایک اور معصوم بچے کی شہادت کی خبر بھی ہمیں جھنجھوڑ نہیں پاتی، یہی حال ہمارے ملک کے مسائل کا ہے، پاکستان میں ہر سال سیلاب آتا ہے، کھیت اور گھر تباہ ہوتے ہیں، لاکھوں لوگ بے گھر ہو جاتے ہیں، مگر خبریں پڑھتے ہوئے ایسا لگتا ہے جیسے یہ سب ایک پرانی فلم دوبارہ چل رہی ہو۔ لکھاری کے لیے سب سے بڑا چیلنج یہ ہے کہ وہ ایسے حالات میں اپنی تحریر کو کس زاویے سے پیش کرے کہ وہ قاری کو جھنجھوڑ سکے۔ جب موضوعات میں تنوع نہ ہو اور خبریں ایک ہی دائرے میں گھومتی رہیں تو لفظوں کی طاقت کمزور پڑنے لگتی ہے، مثال کے طور پر اگر وزیراعظم روزانہ کسی ترقیاتی منصوبے کے افتتاح پر تقریر کریں، اور اخبار میں روزانہ ان کے بیانات شائع ہوں، تو ایک صحافی یا کالم نگار کے لیے ان بیانات میں کوئی نئی بات تلاش کرنا مشکل ہو جاتا ہے، ایسے میں لکھاری اکثر خود سے پوچھتا ہے: "میں کیا لکھوں؟" کیونکہ اگر وہ وہی پرانے الفاظ دہرائے گا تو اس کی تحریر قاری کو متاثر نہیں کر سکے گی۔ یہ مسئلہ محض خبروں کی یکسانیت کا نہیں بلکہ ہمارے معاشرے کے جمود کا بھی ہے، فلسطین پر روزانہ ظلم ہوتا ہے مگر عالمی طاقتیں خاموش رہتی ہیں، پاکستان میں ہر سال سیلاب آتا ہے مگر بنیادی ڈھانچے کی بہتری کے لیے کوئی عملی اقدامات نہیں کیے جاتے، اور ہمارے سیاستدان ہر روز تقریریں کرتے ہیں۔ یہ سوال کہ "میں کیا لکھوں؟" دراصل لکھاری کو اپنی ذمہ داری یاد دلاتا ہے۔ لکھنے کا مقصد محض الفاظ کو صفحے پر منتقل کرنا نہیں بلکہ سوچ کو بیدار کرنا ہے، اگر خبریں ایک جیسی ہوں تو لکھاری کو وہ زاویہ تلاش کرنا چاہیے جو اب تک پوشیدہ رہا ہے۔ مثال کے طور پر فلسطین کے مسئلے پر روزانہ خبریں آتی ہیں، مگر شاید ہی کوئی یہ لکھتا ہو کہ دنیا بھر کے عام لوگ کس طرح اپنی حکومتوں کے فیصلوں کو بدل سکتے ہیں، اسی طرح سیلاب کے متاثرین کی خبریں آتی ہیں، مگر یہ سوال کم ہی اٹھایا جاتا ہے کہ مقامی کمیونٹیز خود کس طرح اپنی حفاظت کے لیے اقدامات کر سکتی ہیں۔ اخبارات میں تکرار کا یہ سلسلہ تب ہی ٹوٹے گا جب لکھاری اور قاری دونوں مل کر خبروں کے پیچھے موجود اصل کہانی کو دیکھنے کی کوشش کریں گے، اگر ہم ہر روز محض سرخیاں پڑھ کر آگے بڑھ جائیں گے تو ہمارا شعور بھی ساکت ہو جائے گا، لیکن اگر ہم ہر خبر کو ایک سوال کی طرح لیں اور اس کے پس منظر کو سمجھنے کی کوشش کریں تو شاید ہم ان یکساں موضوعات کو بھی نئے زاویوں سے دیکھ سکیں۔ آخر میں، یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ "میں کیا لکھوں؟" صرف لکھاری کا سوال نہیں بلکہ ہر باشعور انسان کا سوال ہے، جب دنیا ایک ہی غلطیوں کو دہراتی رہتی ہے، جب مسائل کے حل کے بجائے ان کی خبریں ہی ہمارا روزمرہ بن جائیں، تو ہمیں خود سے یہ سوال ضرور کرنا چاہیے کہ ہم کہاں کھڑے ہیں اور ہمیں آگے بڑھنے کے لیے کیا کرنا ہے۔ الفاظ کی اصل طاقت اسی وقت سامنے آتی ہے جب وہ قاری کو سوچنے، سوال کرنے اور تبدیلی کے لیے تیار ہونے پر مجبور کر دیں، اس لیے لکھاری کو کبھی ہمت نہیں ہارنی چاہیے، چاہے خبریں کتنی ہی یکساں کیوں نہ ہوں، کسی نہ کسی زاویے سے ایک نئی کہانی ضرور چھپی ہوتی ہے، بس اسے تلاش کرنے کی ضرورت ہے۔ روزانہ اخبارات کا مطالعہ کرتے ہ

# لوکل نیوز

# LOCAL NEWS

روزنامہ
Daily ASKAR INTERNATIONAL QUETTA
MEMBER A.P.N.S
عسکر انٹرنیشنل کوئٹہ
چیف ایڈیٹر: سید فاروق شاہ
رجسٹرڈ نمبر BC-A-21

کوئٹہ، وزیر داخلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی گورنمنٹ گرلز کالج میں شہید پروفیسر نائلہ طالب ایکسٹینک ہال کا افتتاح کر رہے ہیں

## دہشتگردی کیخلاف جنگ صرف سیکورٹی اور حکومت کا نہیں عوام کا بھی ہے، بخت محمد کاکڑ

دہشتگردوں نے جو سازش کی ہے ہمارے سیکورٹی اداروں نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے ناکام بنادیا' صوبائی وزیر صحت

جو دہشتگرد اس طرح معصوم لوگوں کو ٹارگٹ بنا کر یہ تاثر دیتے ہیں کہ ہم کسی کو بھی معاف نہیں کرینگے' عیادت کے بعد میڈیا سے بات چیت

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ دہشتگردوں نے جو سازش کی ہے ہمارے سیکورٹی اداروں نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے ناکام بنادیا تاہم دہشتگردوں کی دہشتگرانہ سوچ سے کئی لوگ معصوم اور بے گناہ لوگ شہید ہوگئے ہیں جس کی ہم شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں اور یقین دہانی کراتے ہیں (باقی صفحہ 2 نمبر 35)

## کوئٹہ دہشتگردی واقعہ میں ملوث انسان نہیں ہوسکتے' عوام پاکستان پارٹی

مذموم مقاصد کیلئے بے گناہ انسانوں کا خون بہانے والے کسی طور رعایت کے حقدار نہیں' سید امان شاہ

کوئٹہ (اے این این) عوام پاکستان پارٹی کے صوبائی کوآرڈینیٹر سید امان شاہ اور صوبائی جنرل سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ کوئٹہ میں پیش آنے والا دہشت گردی کا واقعہ پوری قوم کے دل کو دہلا دینے والا المیہ ہے، (باقی صفحہ 2 نمبر 40)

## ڈاکٹر محمد نصیر عمرانی خدمت، خلوص اور انسانیت کے پیکر کی عوامی سطح پر خدمات کو خراج تحسین

بالاکوٹ (یو این اے) اصیبرا باد کے معروف معالج اور سماجی رہنما ڈاکٹر محمد نصیر عمرانی خدمت، خلوص اور انسان دوستی کا روشن استعارہ سمجھے جاتے ہیں انہوں نے (باقی صفحہ 2 نمبر 39)

## دہشتگردی کے بزدلانہ واقعات قوم کے حوصلے توڑنے کی ناکام سازش ہیں، نعیم عمرانی

یہ واقعہ دہشت گردوں کی بزدلانہ اور اسلام دشمن ذہنیت کی عکاسی کرتا ہے، صوفی خاندنشین چنہ

گنداخہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام کے اوستا محمد کے امیر صوفی خاندنشین چنہ، جنرل سیکرٹری میر نعیم خان عمرانی نے ایف سی ہیڈکوارٹر کوئٹہ کے قریب ہونے والے بم دھماکے کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ یہ واقعہ دہشت (باقی صفحہ 2 نمبر 38)

## پارٹی فعالیت میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، حاجی صادق اچکزئی

کوئٹہ (اے این این) مظلوم عوامی تحریک پاکستان کی صوبائی کابینہ کا ایک اہم اجلاس پارٹی کے مرکزی چیئرمین حاجی صادق خان اچکزئی کی پارٹی گاہ پر منعقد ہوا۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 37)

## دہشتگردی کیخلاف جنگ میں ہمارا ساتھ دینے والے ہمارے محسن ہیں، سید صادق آغا

دہشت گردی کے واقعات قومی یکجہتی اور عوامی حوصلے کو کمزور نہیں کر سکتے، چیئرمین نائب صدر

کوئٹہ (اے این این) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی سینئر نائب صدر اور معروف قبائلی شخصیت سید صادق آغا نے کوئٹہ میں ہونے والے دہشت گردی کے المناک واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ یہ گناہ اور معصوم (باقی صفحہ 2 نمبر 36)

کوئٹہ آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر کو ڈی آئی جی سی ٹی ڈی اعتزاز گورایہ بم دھماکے کی جگہ پر بریفنگ دے رہے ہیں

# دہشتگردی کا نہ تو مذہب ہے اور نہ ہی انسانیت سے اس کا تعلق ہے، صوفی وزراء و اراکین اسمبلی

بے گناہ لوگوں کو ٹارگٹ بنانا کس طرح انسانیت ہے نام نہاد دہشتگرد جتنے بھی ناکام عزائم استعمال کریں ناکامی ان کی مقدر بنے گی' میر شعیب نوشیروانی، سلیم کھوسہ

دہشتگردوں کا جو چال اور سازش تھا کہ ہم اندر جا کر کامیاب ہوجائینگے لیکن ان کا یہ خواب تھا عملی طور پر مکمل طور پر ناکام ہو چکا ہے' محمد خان لہڑی زرک مندوخیل

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزراء اراکین اسمبلی نے کوئٹہ کے علاقے مائل ٹاؤن میں دہشتگردوں کی جانب سے ناکام حملے کی بھرپور الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ دہشتگردوں کی نہ تو مذہب ہے نہ ہی انسانیت اس کا تعلق ہے بے گناہ لوگوں کو ٹارگٹ بنانا کس طرح انسانیت ہے نام نہاد دہشتگرد جتنے بھی ناکام عزائم استعمال کریں ناکامی ان کی مقدر بنے گی۔

'پارلیمانی سیکرٹری حاجی محمد خان لہڑی اور رکن اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل نے واقعہ پر مکمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا انہوں نے کہا کہ منگل کے روز ایف سی ہیڈکوارٹر کے قریب جو دردناک واقعہ رونما ہوا جس میں کئی بے گناہ لوگ شہید ہوگئے ہیں اور متعدد زخمی ہوئے دہشتگردوں کا جو چال اور سازش تھا کہ ہم اندر جا کر کامیاب ہوجائینگے لیکن ان کا یہ خواب تھا عملی طور پر مکمل طور پر ناکام ہو چکا ہے اور دہشتگردوں کا طور پر ناکام ہو چکا ہے تاہم ان کے دہشتگرد انہ اور شیطانی سوچ سے معصوم لوگ شہید ہو گئے ہیں انہوں نے کہا کہ اس طرح واقعات پر خاموش نہیں بیٹھیں گے بلکہ ان کے دہشتگردوں کو ڈھونڈ کر ان کو سزا دیں گے اور دہشتگردوں کو عبرتناک شکست دی جائیگی' میر باشت صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی صوبائی وزیر سماجی بہبود میر سلیم کھوسہ صوبائی وزیر ایریگیشن میر صادق عمرانی بھی ناکام عزائم استعمال کریں ناکامی ان کی مقدر بنے گی، میر شعیب نوشیروانی کہتے ہیں کہ دہشتگردوں کی جانب سے ناکام حملے کی بھرپور الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ دہشتگردوں کی نہ تو مذہب ہے اور نہ ہی انسانیت سے اس کا تعلق ہے بے گناہ لوگوں کو ٹارگٹ بنانا کس طرح انسانیت ہے نام نہاد دہشتگرد جتنے بھی ناکام عزائم استعمال کریں ناکامی ان کی مقدر بنے گی۔

## بلوچستان کے عوام کے لیے 5 کروڑ روپے کی لاگت جدید بس اسٹاف قائم

یہ منصوبہ عوام کو سہولت دینے کے ساتھ ساتھ مقامی معیشت کی ترقی میں بھی اہم کردار ادا کرے گا

کوہلو (اے این این) وزیر داخلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور سیکرٹری فنانس عمران زرکون کی خصوصی دلچسپی اور ایف سی ہارٹھ و میندر بریگیڈ کی نگرانی میں کوہلو کے عوام کے لیے 5 کروڑ روپے کی لاگت سے جدید بس اینڈ ٹرک اڈے کا افتتاح کر دیا گیا افتتاحی تقریب میں ڈپٹی کمشنر کوہلو عظیم جان دمڑ اور ونگ کمانڈر کرنل طحہٰ علی خان نے فیتہ کٹ کر منصوبہ کا افتتاح کیا تقریب میں قبائلی عمائدین سرکاری آفیسران و شہریوں کی بڑی تعداد شریک (باقی صفحہ 2 نمبر 41)

## سی، اقلیتی برادری کے 100 گھرانوں میں اسکالرشپ و میڈیکل چیکس تقسیم

اقلیتوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کریں گے، صوبائی وزیر سردار کویہار خان ڈومکی

سبی (یو این اے) محکمہ اقلیتی امور بلوچستان کی جانب سے سبی سرکٹ ہاس میں ایک شاندار تقریب منعقد ہوئی، جس میں صوبائی وزیر صنعت و حرفت سردار کویہار خان ڈومکی اور پارلیمانی سیکرٹری جیٹھ کمار چلوانی کی کاوشوں سے اقلیتی برادری کے 100 گھرانوں میں اسکالرشپ اور میڈیکل چیکس تقسیم کیے گئے۔ تقریب میں ڈپٹی کمشنر سبی کیپٹن) ر (الیاس کبزئی، چیئرمین میڈیکل کمیٹی سردار محمد خان بگٹی، پی ایس او پارلیمانی (باقی صفحہ 2 نمبر 42)

## گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول دولت گھاڑی میں قدرتی آفات سے نمٹنے کیلئے کمیٹی تشکیل

طلبہ و اساتذہ کو ہنگامی حالات کیلئے تیار کرنا وقت کی ضرورت ہے، محمد برکت و طارق علی

خضدار (اے این این) برائٹ اسٹار ڈیولپمنٹ سوسائٹی بلوچستان اور اسٹارٹیب ورک کے زیر اہتمام گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول دولت گھاڑی میں قدرتی آفات سے نمٹنے کے لیے خصوصی پروگرام کا انعقاد کیا گیا، جس میں اساتذہ، طلبہ اور مقامی شخصیات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب کے دوران اسکول میں 15 اساتذہ اور 25 طلبہ پر مشتمل ایک کمیٹی تشکیل دی گئی، جسے ہنگامی حالات میں بروقت ردعمل کے لیے بنایا (باقی صفحہ 2 نمبر 43)

## ڈاکٹر محمد نصیر عمرانی کے خلاف جھوٹے پروپیگنڈے قابل مذمت ہیں، محمد وسیم عمرانی

تنبو (اے این این) ڈاکٹر محمد نصیر عمرانی کمیسن فرض شناس، باکردار اور عوام دوست شخصیت کے خلاف جھوٹے اور من گھڑت پروپیگنڈے پر عوامی، سماجی اور صحافتی حلقوں نے سخت ردعمل دیتے ہوئے ان الزامات کو مسترد کیا ہے۔ محمد وسیم عمرانی کا کہنا ہے کہ ڈاکٹر محمد نصیر عمرانی نے ہمیشہ ایمانداری، خلوص اور پیشہ ورانہ دیانتداری کے ساتھ عوام کی خدمت کی ہے۔ ان کے خلاف پھیلائی گئی جھوٹی باتیں دراصل ان کی مقبولیت اور خلوص سے خائف (باقی صفحہ 2 نمبر 47)

## عوام کو پانی کی فراہمی میں غفلت برداشت نہیں ہوگی' انجینئر ندیم پانیزئی

سائف اور عوام کے بعض مسائل کے حل کیلئے فوری اقدامات کی ہدایت، عوام کی جانب سے خیر مقدم

پشین (اے این این) مکمل پبلک ہیلتھ انجینئرنگ پشین کے ایکسین انجینئر ندیم پانیزئی نے کہا ہے کہ عوام کو پانی کی فراہمی میں کسی قسم کی کوتاہی اور غفلت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ کے تمام افسران اور عملہ عوام کے خادم (باقی صفحہ 2 نمبر 45)

## سید اقبال احمد شاہ کی پارٹی عوامی خدمات کسی سے ڈھکی چھپی نہیں ہے، بلی نواز ابڑو

ضلع سبی کے میڈیا پرسن عطا محمد بلی نواز ابڑو نے پاکستان پیپلز پارٹی کے ضلع پرسن و پاکستان پیپلز پارٹی سول سیکرٹریٹ کے انچارج سید اقبال احمد شاہ کی پارٹی و عوامی خدمات کو سراہتے ہوئے انھیں زبردست الفاظ میں خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ سید اقبال احمد شاہ کی پارٹی و عوامی خدمات کسی سے ڈھکی چھپی نہیں موصوف نے جب سے دیرا بھائی کے ڈویژنل پرسن کے عہدے کا چارج سنبھالا ہے پارٹی (باقی صفحہ 2 نمبر 44)

## ڈویژ محمد خان عمرانی صوبھانی کا مرار بابا غلام رسول خان عمرانی کے ساتھ غیر مشروط حمایت کا اعلان

ذاتی مفاد نہیں نظریاتی اور اصولی وابستگی ہے' آخری دم تک ساتھ دیں گے، ڈویژ محمد خان عمرانی

تھیسرآباد (یو این اے) تحصیل بلاؤ کوٹ کے سیاسی، سماجی و قبائلی رہنما ڈویژ محمد خان عمرانی صوبھانی نے اپنے ایک بیان میں صوبائی وزیر برائے زراعت و کوآپریٹو زمیر علی حسن زہری کے کوئٹہ میں ہونے والے اہم جلسے میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریاست کو مضبوط بنانے کے لیے ہمیں اپنے ذاتی مفاد نہیں بلکہ ریاست کے مفاد کو ترجیح دینی چاہیے۔ ڈویژ محمد خان عمرانی نے کہا کہ میں برسوں سے پارٹی کے ساتھ وفادار رہا ہوں اور آج میں اپنے ذاتی مفاد کو نہیں بلکہ ریاست کے مفاد کو ترجیح دیتا ہوں۔ میں اپنے تمام ساتھیوں سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ ریاست کے مفاد میں اس فیصلے کا ساتھ دیں۔ انہوں

(01)

کے صدر محمد حنیف خان اچکزئی ضلع قلعہ سیف اللہ کے صدر عبداللہ کاکڑ ضلع زیارت کے صدر اجمل خان دومڑ ڈوب ڈویژن نوشکی چاغی گوادر خاران مستونگ اور دیگر صوبائی قائدین اور ضلعی قائدین نے کوئٹہ بم دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ بزدل اور مکار دشمن عناصر پاک فوج اور قوم کے حوصلے پست نہیں کر سکتے ہم پاک فوج کے شہداء اور سویلین کے شہداء کے غم میں برابر شریک ہیں بھارت اسرائیل اور دیگر کفری ممالک کے سازش روز روشن کی طرح عیاں ہے جب سے پاکستان نے معرکہ حق میں ہندوستان اور انکے سہولت کاروں کو پاکستان کے عوام اور پاک فورسز نے جس طرح دندان شکن جواب دیا اب یہ دشمن عناصر بزدلانہ کاروائیوں پر اتر آئے ہیں پاکستان کے 25 کروڑ عوام اپنے بہادر سپوت اور پاک فوج کے جوانوں کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔

(02)

خلاف قربانیاں دی ہیں جو رائیگاں نہیں جائیں گی۔ کھوسہ نے کہا کہ دشمن عناصر بلوچستان کی ترقی روکنے کے لیے ناکام کوششیں کر رہے ہیں، تاہم عوام، سیاسی قیادت اور سکیورٹی ادارے مل کر دہشت گردوں کا مقابلہ کریں گے۔

(03)

اکاؤنٹس آفیسر نے بتایا کہ زیادہ تر SBK اور کنٹریکٹ اساتذہ کی تنخواہیں جاری ہو چکی ہیں جبکہ باقی معاملات جلد حل ہو جائیں گے۔ DOE ڈیمیل کی پوسٹ خالی ہونے اور DDO پاور نہ ہونے کے باعث چند اساتذہ کو تنخواہوں میں تاخیر ہوئی ہے۔ جی ٹی اے وفد نے تعاون کی یقین دہانی کرائی اور سوشل میڈیا پر پھیلنے والی غلط فہمیوں کو بھی واضح کیا۔

(04)

اور صوبائی امن کے خلاف سنگین کارروائی قرار دیتے ہوئے کہا کہ ایسے حملے قوم کے حوصلے پست نہیں کر سکتے۔ ایڈوکیٹ فرید افغان نے کہا کہ معصوم شہریوں اور سکیورٹی اہلکاروں کو نشانہ بنا کر خوف و ہراس پھیلانے کی یہ کوششیں ناکام ثابت ہوں گی کیونکہ بلوچستان کے غیور عوام اور سکیورٹی فورسز ایسے ناپاک عزائم کو شکست دینے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ ایڈوکیٹ فرید افغان نے شہدا کے لواحقین کے غم میں برابر شریک ہونے کا اعادہ کیا اور صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا کہ متاثرہ خاندانوں کو ہر ممکن تعاون اور فوری ریلیف فراہم کیا جائے۔ انہوں نے ملک سے دعائیں کیں کہ اللہ تعالیٰ شہدا کے درجات بلند فرمائے اور زخمیوں کو شفا عطا کرے۔ انہوں نے متعلقہ طبی اداروں سے بھی مطالبہ کیا کہ زخمیوں کو فوری اور معیاری طبی سہولیات اور ہر قسم کی تکنیکی و مالی معاونت بلا تاخیر فراہم کی جائے۔ مزید برآں، ایڈوکیٹ فرید افغان نے سکیورٹی اداروں اور قانون نافذ کرنے والے حکام سے مطالبہ کیا کہ واقعے کی جامع، شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کا آغاز کیا جائے اور ذمہ دار عناصر اور ان کے سہولت کاروں کو بے نقاب کر کے سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ مستقبل میں ایسے جانی نقصان کے واقعات کی روک تھام ممکن ہو۔ بیان میں کہا گیا کہ وہ اور ان کی سیاسی جماعت متاثرہ خاندانوں کے غم میں برابر شریک ہیں اور صوبائی و وفاقی حکومتوں کے ساتھ مل کر متاثرین کی بحالی، نقصانات کی تلافی اور مستقبل میں سکیورٹی اقدامات کو مزید مضبوط کرنے کے لیے سرگرم عمل رہیں گے۔

(05)

پولیس کے مطابق حادثے میں جاں بحق ہونے والے افراد کا تعلق کراچی سے بتایا جا رہا ہے۔

(06)

لیے نصاب، تدریس اور ریسرچ میں شفافیت اور جدت کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ انہوں نے ورکنگ جرنلسٹ میڈیا گروپ کے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ نصاب کو مقامی ضروریات کے مطابق ڈھالنے، جدید تدریسی طریقہ کار اور تحقیقی کلچر کے فروغ کے ساتھ ساتھ اساتذہ کی پیشہ ورانہ تربیت پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ عبدالقدوس ہنگلوئی نے کہا کہ یونیورسٹی نے مختصر وقت میں نمایاں کامیابیاں حاصل کی ہیں۔ اور مستقبل میں یہ ادارہ ایک مثالی یونیورسٹی کے طور پر ابھرے گا۔ ہمارا مقصد صرف ڈگریاں دینا نہیں بلکہ ایسے نوجوان تیار کرنا ہے جو تحقیق، تخلیق اور قیادت کی صلاحیتوں سے آراستہ ہوں۔ انہوں نے کہا کہ یہ ادارہ مقامی کمیونٹی کی ترقی اور ملکی تعلیمی معیار کی بہتری میں کلیدی کردار ادا کرے گا۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ میرچا کر خان رند یونیورسٹی لا ڈیپارٹمنٹ میں دو سو سے زائد طلبا و طالبات تعلیم حاصل کر رہے ہیں جو سبی کے ساتھ ساتھ دیگر اضلاع کے لیے اعزاز کی بات ہے۔ آخر میں انہوں نے صحافیوں کو لا ڈیپارٹمنٹ کا تفصیلی دورہ بھی کرایا۔

(07)

، جبکہ حکومت عوام کو جان و مال کا تحفظ دینے میں سنجیدگی نہیں دکھا رہی۔ ان کے مطابق مسلسل خون ریزی نے بلوچستان کے نوجوانوں کے مستقبل کو تاریک اور کاروباری سرگرمیوں کو مفلوج کر دیا ہے، جبکہ تعلیمی اداروں اور روزمرہ زندگی بھی بری طرح متاثر ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اور سکیورٹی ادارے فوری طور پر مشترکہ حکمت عملی ترتیب دیں تاکہ عوام کو تحفظ فراہم کیا جا سکے۔ رہنماں نے مطالبہ کیا کہ بلوچستان میں قیامِ امن کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں اور عوام کو اس اذیت سے نجات دلائی جائے۔ جے یو آئی پشین کے قائدین نے کہا کہ جب تک عوام کو تحفظ اور سکون نہیں ملتا، کوئی بھی ترقیاتی منصوبہ یا حکومتی دعوی کامیاب نہیں ہو سکتا۔

(08)

ذریعے صوبے کا امن و امان خراب کرنے کی ناکام کوششیں کر رہے ہیں جس میں انہیں کبھی بھی کامیابی حاصل نہیں ہوگی، انہوں نے کہا کہ سیکورٹی فورسز نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے چار دہشت گردوں کو موقع پر ہلاک کرتے ہوئے شہر اور عوام کو مزید نقصان پہنچنے سے بچا لیا، میر محمد صادق عمرانی نے کہا کہ بم دھماکے میں معصوم عوام و دیگر لوگوں کی شہادت ناقابل تلافی نقصان ہے اور اس المناک واقع کا انہیں دل و جان سے افسوس ہے، انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے غیور عوام اور قانون نافذ کرنے والے ادارے دہشت گردی کے ناسور کو جڑ سے ختم کرنے کیلئے پرعزم ہیں لہذا اس طرح کے مشکل حالات میں ہمیں عزم و حوصلے کے ساتھ ان تخریب کار عناصر کا مقابلہ کرنا ہوگا، میر محمد صادق عمرانی نے مزید کہا کہ دو دہائیوں سے زائد عرصہ سے پاکستان کے عوام اور سیکورٹی فورسز نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اپنی قیمتی جانوں کا جو نذرانہ پیش کیا ہے انشاءاللہ وہ دن دور نہیں کہ ہمارا ملک اور صوبہ امن و خوشحالی کا ایک عظیم مرکز بنے گا، انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت امن و امان کے قیام اور دہشت گرد عناصر کی سرکوبی کیلئے سنجیدہ کوششیں کر رہی ہے جس کے بہترین نتائج جلد برآمد ہونا شروع ہو جائیں گے۔ میر محمد صادق عمرانی نے بم دھماکے میں شہید ہونے والے تمام افراد کے لواحقین سے ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ تمام شہدا کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور ان کے پسماندگان کو صبر جمیل عطا کرے، انہوں نے زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے بھی دعا کی ہے۔

(09)

ہونے کی کوشش کر رہے تھے تاہم فورسز کی بروقت اور موثر کارروائی کے نتیجے میں ان کی کوشش ناکام بنا دی گئی اور بڑی تباہی سے شہر کو محفوظ بنا لیا گیا۔

(10)

سالانہ نتائج کا اعلان کیا گیا اور نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ و طالبات میں انعامات تقسیم کیے گئے۔ اس موقع پر اساتذہ کی محنت اور والدین کی قربانیوں کو خراجِ تحسین پیش کیا گیا۔ خطاب کرتے ہوئے ظفر علی آغا نے کہا کہ علم جہالت کے اندھیروں کو دور کرتا ہے اور معاشروں کو ترقی کی راہ پر گامزن کرتا ہے۔ طلبہ کو چاہیے کہ وہ دینی اور عصری علوم میں بھرپور محنت کریں کیونکہ دین انسانیت کی خدمت اور اخلاقیات کا درس دیتا ہے جبکہ عصری تعلیم جدید دنیا کے تقاضوں کو پورا کرنے کا حوصلہ عطا کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اساتذہ قوم کے معمار اور والدین بچوں کے اصل معمار ہیں، ان کی محنت اور قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ آخر میں انہوں نے جامعہ کی دینی و علمی خدمات کو سراہتے ہوئے دعا کی کہ یہ ادارہ مزید ترقی کرے اور طلبہ و طالبات ملک و ملت کے لیے نفع بخش ثابت ہوں۔

(11)

کو فوری اور پائیدار ریلیف فراہم کیا جا سکے۔ انہوں ایک وفد سے گفتگو کرتے ہوئے سردار زادہ فیصل خان جمالی کا کہنا تھا کہ عوام سے کیے گئے وعدے محض سیاسی دعوے نہیں بلکہ ہماری عملی ترجیحات کا حصہ ہیں۔ تعلیم، صحت، صاف پانی اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کو ہنگامی بنیادوں پر یقینی بنایا جا رہا ہے، تاکہ لوگوں کی زندگیوں میں مثبت تبدیلی لائی جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اور عوام کے درمیان اعتماد کا رشتہ ترقی کی بنیاد ہے۔ شہریوں کو چاہیے کہ وہ منفی پراپیگنڈے سے گریز کریں اور مثبت سوچ کے ساتھ حکومت کا ساتھ دیں تاکہ مل کر ایک خوشحال اور ترقی یافتہ معاشرہ تشکیل دیا جا سکے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ عوامی فلاح و بہبود کے ایجنڈے پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گی۔ "ہماری ہر پالیسی اور ہر قدم عوامی مفاد کے گرد گھومتا ہے۔ ہم عوام کے مسائل کے حل کو اپنی اولین ذمہ داری سمجھتے ہیں اور اس مقصد کیلئے دن رات کوشاں ہیں۔

(12)

سی پیک ایم 8 پر واقع ہے کا تفصیلی دورہ کیا EPI سینٹر نیوٹریشن سینٹر ایکسرے مشین ادویات سمیت ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل اسٹاف کی حاضری کو چیک کیا قومی شاہراہ اہم 8 پر واقع اسپتال کے عملے کو حاضر رہنے کی ہدایت کی کہ قومی شاہراہ پر اکثر حادثات پیش آتے ہیں اسٹاف کو ایمرجنسی کی صورت میں 24 گھنٹے ڈیوٹی پر موجود رہنے کی خصوصی ہدایت کی اپنے دورے کے دوران لیڈی ڈاکٹر پیرامیڈیکل اسٹاف سے تفصیلی ملاقات کی اس دوران ایم این ای آفیسر ظریف شاہوانی بھی ان کے ہمراہ تھے۔

(13)

ہیں۔ ہم حکومتِ وقت اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کرتے ہیں کہ زخمیوں کو فوری اور مؤثر طبی امداد کی فراہمی یقینی بنائی جائے تاکہ مزید قیمتی جانیں ضائع نہ ہوں کوئٹہ ایک بار پھر دہشت گردی کے خونریز وار کا نشانہ بنا۔ حالیہ بم دھماکے نے نہ صرف کئی قیمتی انسانی جانیں ہم سے چھین لیں بلکہ شہر کی فضا کو سوگوار کر دیا۔ ہم ان لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا گو ہیں۔ یہ کوئی پہلا موقع نہیں کہ کوئٹہ کے باسیوں کو ایسے المناک حادثے کا سامنا کرنا پڑا ہو۔ بارہا یہاں کے امن کو تہہ و بالا کیا گیا، مگر افسوس کہ واقعات کے بعد رسمی بیانات، اعلانات اور تحقیقات کے دعوؤں کے سوا کچھ نظر نہیں آتا۔ سوال یہ ہے کہ آخر کب تک ہمارے عوام اپنی جانوں کا نذرانہ دیتے رہیں گے اور کب تک دہشت گرد آزاد گھومتے رہیں گے؟۔ حکومت اور ریاستی اداروں کی بنیادی ذمہ داری ہے کہ وہ شہریوں کو تحفظ فراہم کریں۔ زخمیوں کو فوری اور بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں اور اس سانحے کے ذمہ داران کو نشانِ عبرت بنایا جائے تاکہ آئندہ کسی کو بھی امن برباد کرنے کی جرأت نہ ہو۔ یہ وقت صرف مذمت اور افسوس کا نہیں، بلکہ سنجیدہ اقدامات اٹھانے کا ہے۔ اگر دہشت گردی کے اس سلسلے کو جڑ سے ختم نہ کیا گیا تو مستقبل میں بھی کوئٹہ اور دیگر علاقے ایسے ہی المناک سانحات کا شکار ہوتے رہیں گے۔ قوم اب محض بیانات نہیں بلکہ عملی اقدامات دیکھنا چاہتی ہے۔

(14)

فاؤنڈیشن سمیت مختلف اداروں کے نمائندگان شریک ہوئے۔ شرکاء نے تعلیم، صحت اور فلاحی منصوبوں پر بریفنگ دی۔ جبکہ درپیش مسائل اور آئندہ لائحہ عمل پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے این جی اوز کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ عوامی فلاح کے منصوبے تیز رفتار اور مؤثر انداز میں آگے بڑھائے جائیں گے۔

(15)

ہے کہ دھماکے کے بعد سیکورٹی فورسز کی بروقت اور مؤثر ردعمل قابل داد و تحسین ہے فتنہ الخوارج کے 6 دہشت گردوں کے خاتمے پر سیکورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں بزدلانہ دہشت گرد کاروائیاں قوم کے حوصلے کو متزلزل نہیں کر سکتی دہشتگردی کے خلاف فیصلہ کن جنگ میں عوام اور فورسز کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے لعنت کے خاتمے کیلئے حکومت' سیکورٹی فورسز اور عوام ایک پیج ہے جلد ملک سمیت صوبہ بھر سے دہشت گردی کا خاتمہ کیا جائے گا دہشت گردوں کا نہ کوئی دین اور نہ مذہب ہے بلکہ وہ انسان کہلانے کے بھی لائق نہیں ہے انہوں نے کہا کہ شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائے گی بلکہ شہداء کے ضرور اور جلد رنگ لے آئے گی انہوں نے کہا کہ شہداء کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا گو ہوں۔

(16)

تاہم فورسز کے بروقت ردعمل نے دہشت گردوں کا منصوبہ ناکام بنا دیا۔ کارروائی میں 2 اہلکار زخمی بھی ہوئے۔ کوئٹہ میں ہونے والے خودکش دھماکے کی ابتدائی تحقیقات سامنے آ گئی، جس کے مطابق حکام نے بتایا کہ ایف سی ہیڈکوارٹر پر ہونے والے خودکش دھماکے میں 25 سے 30 کلو بارودی مواد کا استعمال کیا گیا۔ کارروائی میں مارے گئے حملہ آوروں سے 15 دستی بم، 3 انڈر بیرل گرینیڈ لانچر اور 4 کلاشنکوف برآمد ہوئی ہیں۔ طبی ذرائع کا کہنا ہے کہ ہلاک ہونے والے دہشت گردوں کے خون کے نمونے اور فنگر پرنٹس لے لیے گئے ہیں، جنہیں فارنزک کے لیے بھیجا جائے گا۔

(17)

کابار یک بینی سے جائزہ لیا گیا اور ان نرخوں کا تقابلی مطالعہ قریبی اضلاع سبی اور ڈیرہ مراد جمالی کے نرخناموں سے کیا گیا تاکہ عوام پر غیر ضروری بوجھ نہ پڑے اور کسی بھی قسم کی مصنوعی یا خودساختہ مہنگائی کو جڑ سے ختم کیا جا سکے۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر نے واضح کیا کہ انتظامیہ عوامی مفادات کے تحفظ کے لیے کسی بھی قسم کی ناجائز منافع خوری، گراں فروشی یا ذخیرہ اندوزی کو ہرگز برداشت نہیں کرے گی اور ایسے عناصر کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ قیمتوں کے تعین میں شفافیت اور عوام کو ریلیف دینا اولین ترجیح ہے، اس لیے تاجر برادری دکاندار حضرات انتظامیہ کے ساتھ تعاون کریں اور مقررہ نرخنامے پر عملدرآمد یقینی بنائیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ عوام کو ریلیف پہنچانے اور مارکیٹ میں استحکام پیدا کرنے کے لیے پرائس کنٹرول کے حوالے سے موثر اقدامات جاری رہیں گے تاکہ علاقے کے لوگوں کو روزمرہ ضروریات کی اشیا مناسب نرخوں پر دستیاب ہوں۔

(18)

دفاعی نظام کو بھی عبور کر سکتا ہے۔ اس کے ذریعے پاکستان نے اپنی روایتی دفاعی صلاحیت کو مزید وسعت دی ہے۔ میزائل کی شمولیت کے بعد پاکستان آرمی کے روایتی میزائل نظام کی رسائی، مہلک اثر اور بقا مزید بہتر ہو گئی ہے۔ فتح-4 کا یہ لانچ پاکستان آرمی کی راکٹ فورس کمانڈ کے تحت کیا گیا۔ تربیتی لانچ کے موقع پر چیف آف جنرل اسٹاف، مسلح افواج کے سینئر افسران، سائنسدان اور انجینئرز موجود تھے جنہوں نے اس کامیاب تجربے کا مشاہدہ کیا۔ اس موقع پر صدر پاکستان، وزیرِ اعظم، چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی اور تینوں مسلح افواج کے سربراہان نے بھی فوجی جوانوں، سائنسدانوں اور انجینئرز کو مبارکباد دی اور اسے پاکستان کے دفاعی نظام میں ایک نئی جہت قرار دیا۔ پاکستان کا میزائل پروگرام گزشتہ کئی دہائیوں میں بتدریج ترقی کرتا آیا ہے۔ حتف، غوری، شاہین اور نصر جیسے میزائل سسٹمز کے بعد اب فتح سیریز کی شمولیت نے پاکستان کی روایتی اور کروز میزائل صلاحیت کو مزید جدید بنایا ہے۔ فتح-4 کے کامیاب تجربے نے اس بات کو ثابت کر دیا ہے کہ پاکستان دفاعی میدان میں خود انحصاری کی پالیسی پر عمل پیرا ہے۔

(19)

پوری دنیا میں بدنام کریں گے جس پر وفاقی وزیر قومی صحت نے کہا کہ صحت کا شعبہ ملک میں بدحالی کا شکار ہے انہوں نے کہا کہ نرسنگ کونسل کے اراکین نے ہمارے اراکین اسمبلی پر ایف آئی آرز کاٹی تھی ہم نے نرسنگ کونسل کے قانون کو مکمل طور پر تبدیل کر دیا ہے انہوں نے کہا کہ اب ایک نئی نرسنگ کونسل بنائی گئی ہے جو کہ مکمل طور پر افادیت کی حامل ہوگی سینیٹر ہمایون مہمند نے کہا کہ نرسنگ کونسل کے حوالے سے ایک بڑی رپورٹ بنائی تھی مگر کچھ نہیں کیا گیا انہوں نے کہا کہ کیا جعلی نرسوں اور جعلی کالجز کو سسٹم سے نکالا گیا ہے کیا آرڈیننس سے بدبودار چیزیں ٹھیک ہو جائیں گی جس پر وفاقی وزیر نیشنل ہیلتھ نے کہا کہ ہم نے ایک ادارہ بنا دیا ہے اور امید ہے کہ اس ادارے کی کارکردگی بہتر ہوگی انہوں نے کہا کہ یہ بہت اہم ادارہ ہے سینیٹر روبینہ خالد کے ضمنی سوال کا جواب دیتے ہوئے وفاقی وزیر نیشنل ہیلتھ نے کہا کہ پہلے وزارت اور نرسنگ کونسل کا کوئی تعلق نہیں تھا اور اب ہم اس کی مکمل ذمہ داری لینے کیلئے تیار ہیں انہوں نے کہا کہ پاکستان کی تمام نرسز کے پاس جعلی ڈگریاں نہیں ہیں اور جو بھی الزامات ہیں اس حوالے سے سرچ کمیٹی بنا دی گئی ہے۔

(20)

رہیں، اگست 2025 میں برآمدات 2.9 فیصد بڑھ کر 2.51 ارب ڈالرز رہیں۔ معاشی آؤٹ لک رپورٹ کے مطابق درآمدات جولائی تا اگست 2025 میں 8.8 فیصد بڑھ کر 10.4 ارب ڈالرز رہیں، اگست 2025 میں درآمدات 5.8 فیصد اضافے سے 4.98 ارب ڈالرز ریکارڈ ہوئیں۔ وزارت خزانہ کی رپورٹ کے مطابق جاری کھاتہ خسارہ جولائی تا اگست 2025 میں 624 ملین ڈالرز رہا، گزشتہ سال 430 ملین تھا۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ اگست 2025 میں جاری کھاتہ خسارہ 245 ملین ڈالرز ریکارڈ ہوا، ایف ڈی آئی جولائی تا اگست 2025 میں 22 فیصد بڑھ کر 364.3 ملین ڈالرز ہوگئی۔ اگست 2025 میں ایف ڈی آئی 42.6 فیصد کمی سے 156.2 ملین ڈالرز رہی۔

(21)

کے ساتھ بیٹھ گئے، پی ٹی آئی ارکان کی جانب سے اسرائیل کا جو یار ہے غدار ہے غدار ہے کے نعرے لگائے گئے۔ بتایا گیا ہے کہ بیرسٹر گوہر علی خان کی جانب سے عوامی اسمبلی میں قراردادیں پیش کی گئیں، جن میں سے پی ٹی آئی نے اسرائیل کو تسلیم کرنے کے خلاف قرارداد منظور کر لی، سابق وزیراعظم عمران خان کو اڈیالہ سے کسی دوسری جیل منتقل کرنے اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کے قید ہونے کے خلاف بھی قرارداد منظور کی گئی علاوہ ازیں پی ٹی آئی نے شمع جونیجو کے معاملے پر حکومت سے وضاحت طلب کی ہے۔ چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا کہ ہم ہر اس چیز کی مذمت کرتے ہیں جس کی ابتدا یا انتہا اسرائیل کو تسلیم کرنا ہے، شمع جونیجو کہاں کہاں گئی، اس کے ہاتھ کون کون سی خفیہ دستاویزات لگیں، اس سارے معاملے کی تحقیقات کی جائیں۔ بعد ازاں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ 26 ویں آئینی ترمیم کے موقع پر پاکستان تحریک انصاف کے اراکین کا پیسے لے کر بک جانے والا معاملہ اب ختم ہو چکا ہے، پی ٹی ائی نے زین قریشی کو جاری کیا گیا شوکاز نوٹس نمٹا دیا کیوں کہ عمران خان نے زین قریشی کے جواب کو درست مانا اور کوئی کارروائی نہ کرنے کی ہدایت کی۔

(22)

اجازت ہوگی اور اسی روز سہ پہر 3 بج کر 30 منٹ پر امیدواروں کی حتمی فہرست جاری کی جائے گی۔ ملک بھر سے مجموعی طور پر 4379 وکلا ووٹ کاسٹ کرنے کے اہل قرار دیے گئے ہیں، لاہور سے 1460، ملتان 315، بہاولپور 145، راولپنڈی 805، خیبر پختونخوا 593، سندھ 741 اور بلوچستان سے 322 وکلا شامل ہیں۔

(23)

مطابق خوارج نے رابطہ پل کے نیچے بارودی مواد لگایا، جس کے پھٹنے سے پل مکمل تباہ ہو گیا۔ دوسری جانب جانی خیل کے عوام نے خوارج کی جانب سے پل کی تباہی پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بزدلانہ کارروائی قابل مذمت اور علاقے کے امن و ترقی پر کھلا حملہ ہے۔ اہلِ علاقہ کا کہنا ہے کہ سڑکیں، مساجد اور مدارس عوامی سہولت کے لیے بنائے گئے ہیں، خوارج افغانی ہوں یا کسی اور شناخت سے تعلق رکھتے ہوں، یہ عمل سراسر غلط ہے، پل کی تباہی کے بعد کئی بیمار اور ضعیف افراد کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔

(24)

سازش ہیں جو بلوچستان کے پرامن ماحول اور ترقی کو سبوتاژ کرنے کے لیے کی جا رہی ہیں۔ انہوں نے سیکیورٹی فورسز کی بروقت اور جرات مندانہ کارروائی کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ایف سی جوانوں نے بہادری سے چار دہشت گردوں کو جہنم واصل کر کے بڑے نقصان کو ٹال دیا۔ حاجی نور محمد دمڑ نے کہا کہ بلوچستان کے عوام اور فورسز نے دہشت گردی کے خلاف بے مثال قربانیاں دی ہیں، جو رائیگاں نہیں جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ سیکیورٹی ادارے دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف انٹیلی جنس کارروائیوں میں مصروف ہیں اور ان کی کمر توڑ دی گئی ہے۔ صوبائی وزیر نے شہدا کے درجات کی بلندی اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم دہشت گردی کی تمام شکلوں کے خلاف متحد ہے اور کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا۔

(25)

وزیر نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ایک مضبوط اور متحد شام علاقائی سلامتی کے لئے فائدہ مند ہوگا جس میں اسرائیل بھی شامل ہے تاہم انہوں نے وضاحت کی کہ شامی عوام اسرائیلی حملوں سے حیرت زدہ ہیں۔ فوجی کارروائی کے بعد شام اور اسرائیل کے درمیان تعلقات معمول پر آنے کے امکان کے بارے میں پوچھے گئے سوال کے جواب میں شامی وزیر خارجہ نے کہا کہ ہم اسرائیل سمیت خطے میں کسی کے لئے خطرہ نہیں ہیں لیکن تعاون اور امن کی ہماری نئی پالیسیوں کو خطرات اور حملوں کا سامنا ہے۔ انہوں نے شام کے بارے میں امریکی مقف کو آزادی کے دن سے لے کر اب تک ایک بہت ہی مثبت مقف قرار دیا ہے اور اسے شامی عوام کی طرف سے بہت زیادہ حمایت حاصل ہوئی ہے۔

(26)

انتظامی امور میں اپنی ذمہ داریاں بہترین انداز میں نبھائیں، جس کی بدولت وہ مریضوں کے لیے مسیحا اور سماجی سطح پر منفرد پہچان بن چکے ہیں۔ عوامی حلقوں کا کہنا تھا کہ مستحق مریضوں سے ہمدردی، غریبوں کے علاج میں سہولت فراہم کرنا اور صحت کے شعبے میں بہتری لانے کی کوششیں ڈاکٹر عمیر حسین کے اعلیٰ کردار کی عکاسی کرتی ہیں۔ ان کی ذاتی دلچسپی کے باعث اسپتال کے ہر شعبے کو فعال بنایا گیا، ڈاکٹروں کی حاضری کو یقینی بنایا گیا، روزانہ او پی ڈی میں سینکڑوں مریضوں کا معائنہ و علاج اور مفت ادویات کی فراہمی ممکن ہوئی۔ عوامی اور سماجی نمائندوں نے حکومت اور محکمہ صحت سے مطالبہ کیا کہ ڈاکٹر عمیر حسین جیسے فرض شناس اور مخلص افسران کو مزید اختیارات اور وسائل دیے جائیں تاکہ وہ خدمت کے اس مشن کو مزید وسعت دے سکیں، کیونکہ ایسے افسران کسی بھی معاشرے کا حقیقی سرمایہ اور فخر ہوتے ہیں۔

(27)

100 ایرانیوں کو واپس اپنے ملک بھیج رہا ہے اور اس خبر کی تصدیق منصوبے سے واقف 2 سینئر ایرانی حکام اور ایک امریکی عہدیدار نے کی ہے جو مذاکرات میں شامل تھے۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ ایک امریکی چارٹرڈ فلائٹ پیر کے روز امریکی ریاست لوزیانا سے روانہ ہوئی جو منگل کو قطر کے راستے ایران پہنچے گی۔ وائٹ ہاؤس اور امریکی محکمہ خارجہ نے رائٹرز کی تبصرے کی درخواست کا فوری طور پر جواب نہیں دیا۔ یاد رہے کہ ڈونلڈ ٹرمپ امریکا میں بغیر قانونی حیثیت کے رہنے والے افراد کی بڑی تعداد کو ملک بدر کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ امریکی صدر کا موقف ہے کہ سابق امریکی صدر جو بائیڈن کے دور میں غیر قانونی سرحدی داخلوں میں اضافہ ہوا تھا لہذا اب یہ اقدام انتہائی ضروری ہے۔ تاہم، ان کی انتظامیہ کو ملک بدری کی شرح بڑھانے میں مشکلات کا سامنا ہے، حالانکہ انہوں نے ایسے نئے راستے بھی بنائے ہیں جن کے ذریعے تارکین وطن کو ان کے اپنے وطن کے بجائے دیگر ممالک بھیجا جا سکے۔ نیویارک ٹائمز کے مطابق ان ایرانیوں کی شناخت اور ان کے امریکا آنے کی وجوہات واضح نہیں ہو سکیں۔ اخبار نے مزید لکھا کہ کچھ افراد نے کئی ماہ حراستی مراکز میں رہنے کے بعد خود رضا کارانہ طور پر واپس جانے پر آمادگی ظاہر کی جب کہ کچھ نے ایسا نہیں کیا۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ ایران کی وزارت خارجہ ان افراد کی واپسی کے انتظامات کر رہی تھی اور انہیں یقین دہانی کرائی گئی تھی کہ وہ محفوظ رہیں گے اور کسی مسئلے کا سامنا نہیں کریں گے۔ واضح رہے کہ فروری میں امریکا نے ایران اور پاناما سمیت 119 ممالک کے شہریوں واپس بھیجا تھا جو دونوں ملکوں کے درمیان ایک معاہدے کا حصہ تھا۔ واضح رہے کہ 23 مارچ 2025 کو امریکا نے اعلان کیا تھا کہ وہ لاکھوں تارکین وطن کی قانونی حیثیت ختم کر رہا ہے اور انہیں ملک چھوڑنے کے لیے ہفتوں کا وقت دے رہا ہے۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے امریکی تاریخ کی سب سے بڑی ملک بدری مہم چلانے اور خاص طور پر لاطینی امریکی ممالک سے امیگریشن کو روکنے کا وعدہ کیا تھا۔ اس حکم نامے سے کیوبا، ہیٹی، نکاراگوا اور وینزویلا کے تقریباً 5 لاکھ 32 ہزار شہری متاثر ہوں گے، جو ٹرمپ کے پیش رو جو بائیڈن کی جانب سے اکتوبر 2022 میں شروع کی گئی اسکیم کے تحت امریکا آئے تھے، اور اگلے سال جنوری میں اس میں توسیع کی گئی تھی۔

(28)

قسط لینے کے سلسلے میں دوسرے اقتصادی جائزہ مذاکرات میں آئی ایم ایف کی جانب سے کئی مطالبات سامنے آ گئے۔ ممکنہ تجارتی منی لانڈرنگ کے خطرات اور ممکنہ اثرات پر پاکستان سے رپورٹ طلب کر لی۔ غیر مالیاتی کاروباروں اور پروفیشنلز کی سخت نگرانی کی ہدایت کر دی۔ سرکاری خریداریوں اور غیر ضروری اثاثوں کی فروخت میں شفافیت پر زور دیا۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف نے منی لانڈرنگ روکنے کیلئے جن کاروباروں کی نگرانی کرنے کا کہا ہے ان میں وکلا، لافرمز، اکاؤنٹنٹس، آڈیٹرز اور ریئل اسٹیٹ ایجنٹس شامل ہیں۔ سونے چاندی، جواہرات، قیمتی دھاتوں کا کاروبار کرنے والوں کی بھی نگرانی ہوگی۔ نئی کمپنیاں رجسٹر کروانے، شیئر ہولڈرز اور ڈائریکٹرز کا انتظام کرنے والوں پر بھی نظر رکھی جائے گی۔ آئی ایم ایف نے مطالبہ کیا ہے کہ سرکاری خریداریوں میں الیکٹرانک پرکیورمنٹ سسٹم کا مؤثر نفاذ کیا جائے تاکہ سرکاری خرید و فروخت میں شفافیت کو یقینی بنایا جا سکے۔ سرکاری اثاثہ جات کی فروخت یا تلفی کو بھی شفاف بنایا جائے۔ ای پیڈ سسٹم میں ٹینڈرز کا آن لائن اجرا اور بولیوں کی آن لائن جانچ پڑتال شامل ہے۔ سرکاری خریداری میں کم انسانی مداخلت سیکرپشن کی روک تھام ہوگی۔ ٹھیکیداروں سمیت حقیقی مالکان اور فائدہ اٹھانے والوں کا پتہ لگایا جا سکے گا۔

(29)

مقصد عالمی سسٹین ایبل فنانس مارکیٹ میں شمولیت بڑھانا ہے۔ فریم ورک عالمی کمرشل بینکوں کے تعاون سے تیار کیا گیا ہے۔ عالمی اصولوں اور آئی سی ایم اے اسٹینڈرڈز کو مدنظر رکھا گیا۔ بینک نے فریم ورک کو پائیدار اور بہترین قرار دیا۔

(30)

اللہ تعالیٰ غمزدہ خاندان کو صبر جمیل عطا فرمائے روزانہ المناک واقعات ہو رہے ہیں، حکومت اقتدار کی رسہ کشی میں مصروف ہے امن و امان کی صورتحال تشویشناک رخ اختیار کر چکی ہے انہوں نے کہا کہ غمزدہ خاندانوں کے ساتھ ہیں شہداء کی

# جنگ بندی معاہدے کے اعلان کے باوجود اسرائیلی بمباری، مزید 39 فلسطینی شہید

اکتوبر 2023 سے اسرائیل کی غزہ پر جنگ میں اب تک کم از کم 66 ہزار 55 افراد شہید اور ایک لاکھ 68 ہزار 346 زخمی ہو چکے ہیں

## ہزاروں مزید افراد ملبے کے نیچے دبے ہونے کا خدشہ، حماس کا جنگ بندی کی تجاویز پر غور اسرائیل کا ساتھ نہ دینے پر فلسطینیوں کی ٹارگٹ کلنگ کا انکشاف

غزہ (جی این ایم) اسرائیل نے امریکی صدر ٹرمپ کے ساتھ غزہ میں جنگ بندی معاہدے کا اعلان کرنے کے باوجود بمباری کر کے مزید 39 فلسطینیوں کو شہید کر دیا، دوسری جانب حماس ٹرمپ کی جنگ ختم کرنے کی تجویز پر غور کر رہی ہے۔ قطری نشریاتی ادارے الجزیرہ کے مطابق غزہ کے نصیر ہسپتال کے ایک ذریعے نے بتایا کہ خان یونس میں بے گھر افراد کے ایک خیمے پر اسرائیلی فضائی حملے کے نتیجے میں ایک ہی خاندان کے 3 افراد شہید ہوئے۔ اسرائیلی افواج نے رات بھر غزہ کی پٹی پر حملے جاری رکھے، جب کہ غزہ شہر میں توپ خانے کی گولا باری اور انصیرات پناہ گزین کیمپ میں بھی بمباری کی اطلاع ہے، جس میں پانچ افراد زخمی ہوئے۔ سفارتی ذرائع نے الجزیرہ کو بتایا ہے کہ حماس کی مذاکراتی ٹیم امریکی صدر ٹرمپ کے 20 نکاتی (باقی صفحہ 5 نمبر 47)

کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو گورنمنٹ گرلز کالج میں جاری تعمیراتی منصوبوں سے متعلق بریفنگ دی جا رہی ہے

## متنازعہ ٹویٹ کیس، ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ پر فرد جرم عائد

اسلام آباد (یو این اے) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ اسلام آباد نے متنازعہ ٹویٹ کیس میں ایمان مزاری اور ان کے شوہر ہادی علی چٹھہ پر فرد جرم عائد کر دی۔ مقامی عدالت اسلام آباد میں ایمان مزاری اور ان کے شوہر ہادی علی چٹھہ کے خلاف متنازعہ ٹویٹ کیس کی سماعت ہوئی، ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج افضل مجوکا نے ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ پر فرد جرم عائد کی۔ دونوں (باقی صفحہ 5 نمبر 46)

## پاکستان نرسنگ کونسل کی از سر نو تشکیل کر دی گئی ہے اور اب تمام مسائل کا خاتمہ ہو جائیگا، مصطفیٰ کمال

### بیرون ممالک جانے والی نرسوں کو انجکشن لگانا بھی نہیں آتا، کیا ہم اس شعبے کو دنیا میں بدنام کریں گے، کامران مرتضیٰ کا سوال

اسلام آباد (جی این ایم) ایوان بالا کو وفاقی وزیر نیشنل ہیلتھ سید مصطفیٰ کمال نے بتایا ہے کہ پاکستان نرسنگ کونسل کی از سر نو تشکیل کر دی گئی ہے اور اب تمام مسائل کا خاتمہ ہو جائیگا۔ منگل کو ایوان بالا میں وقفہ سوالات کے دوران سینیٹر کامران مرتضیٰ نے ضمنی سوال کرتے ہوئے کہا کہ بیرون ممالک جو نرسیں بھجوائی گئی ہیں ان کو انجکشن لگانا بھی نہیں آتا ہے، کیا ہم اس شعبے کو بھی (باقی صفحہ 5 نمبر 19)

## اگست کی معاشی آؤٹ لک رپورٹ جاری، ترسیلات زر میں 7 فیصد اضافہ

### جولائی تا اگست 2025 برآمدات میں بھی 10.2 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا

اسلام آباد (اے این این) وزارت خزانہ نے ماہانہ معاشی آٹ لک رپورٹ جاری کر دی، ترسیلات زر جولائی تا اگست 2025 میں 7 فیصد بڑھ کر 6.35 ارب ڈالرز رہیں۔ رپورٹ کے مطابق اگست 2025 میں ترسیلات زر 6.6 فیصد اضافے سے 3.13 ارب ڈالرز ریکارڈ ہوئیں، برآمدات جولائی تا اگست 2025 میں 10.2 فیصد اضافے سے 5.29 ارب ڈالرز (باقی صفحہ 5 نمبر 20)

## تحریک انصاف نے اسرائیل کو تسلیم کرنے کے خلاف قرارداد منظور کر لی

### ہر اس چیز کی مذمت کرتے ہیں جس کی ابتدا یا انتہا اسرائیل کو تسلیم کرنا ہے، چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان تحریک انصاف نے اسرائیل کو تسلیم کرنے کے خلاف قرارداد منظور کر لی۔ تفصیلات کے مطابق قومی اسمبلی کا اجلاس ختم ہونے کے بعد پاکستان تحریک انصاف نے ایوان کے اندر ہی اپنی عوامی اسمبلی کا اجلاس شروع کر دیا جہاں ہر تمام اراکین موجود رہے، اس کے علاوہ پختونخوا ملی عوامی پارٹی کے سربراہ محمود خان اچکزئی بھی پی ٹی آئی کے اراکین (باقی صفحہ 5 نمبر 21)

# پاکستان کا دفاعی کارنامہ فتح 4 کروز میزائل کامیاب تجربہ

750 کلومیٹر رینج کا جدید کروز میزائل، دشمن دفاعی نظام عبور کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے، آئی ایس پی آر

### پاکستان کے میزائل پروگرام میں نئی پیشرفت، دفاعی صلاحیت کو نئی جہت مل گئی، صدر، وزیر اعظم اور افواج کے سربراہان کی فوجی جوانوں اور سائنسدانوں کو مبارکباد

راولپنڈی (آن لائن) پاکستان نے دفاعی میدان میں ایک اور سنگ میل عبور کر لیا ہے۔ ملکی ماہرین کے تیار کردہ جدید کروز میزائل فتح-4 کا کامیاب تربیتی لانچ 30 ستمبر 2025 کو پاکستان آرمی کی جانب سے کیا گیا۔ اس تجربے کو پاکستان کی دفاعی صلاحیت کے لیے ایک اہم پیشرفت قرار دیا جا رہا ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق، فتح-4 کو زمینی لانچ سسٹم سے داغا گیا۔ یہ جدید کروز میزائل 750 کلومیٹر تک ہدف کو نشانہ بنانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ اس میں جدید ایوینکس، نیویگیشنل سسٹمز اور ٹیرین ہگنگ خصوصیات شامل ہیں، جو اسے دشمن کے میزائل دفاعی نظام کو عبور کرنے اور انتہائی درستگی سے ہدف کو نشانہ بنانے کے قابل بناتی ہیں۔ میزائل نہ صرف زمین کی سطح کے قریب پرواز کرتا ہے بلکہ دشمن کے ریڈار اور میزائل (باقی صفحہ 5 نمبر 18)

اسلام آباد، نائب وزیر اعظم سینیٹر اسحاق ڈار سے پی آئی اے کے سی ای او عامر حیات ملاقات کر رہے ہیں

## سپریم کورٹ بار الیکشن کیلئے 4379 وکلا اہل ووٹر قرار

اسلام آباد (یو این اے) سپریم کورٹ بار کے سالانہ انتخابات 16 اکتوبر کو ہوں گے، 4379 وکلا اہل ووٹر قرار پائے ہیں۔ آج امیدواروں کی عارضی فہرست جاری کی جائے گی، بار الیکشن کے لیے اپیلیں دائر کرنے کی آخری تاریخ یکم اکتوبر مقرر کی گئی ہے، 3 اکتوبر تک ان اپیلوں پر فیصلے سنائے جائیں گے۔ امیدواروں کو 4 اکتوبر دوپہر 2 بجے تک اپنی نامزدگی واپس لینے کی (باقی صفحہ 5 نمبر 22)

## قطر اور مصر نے غزہ امن منصوبہ حماس کو پہنچا دیا

### صدر ٹرمپ کی جانب سے پیش کردہ منصوبے کا مطالعہ کریں گے، حماس کی یقین دہانی

دوحہ (جی این ایم) قطر اور مصر نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا غزہ امن منصوبہ فلسطینی مزاحمتی تنظیم حماس کی مذاکراتی ٹیم تک پہنچا دیا۔ الجزیرہ کی رپورٹ کے مطابق ایک سفارتی ذرائع نے حماس تک مجوزہ منصوبے کی کاپی پہنچنے کی تصدیق کی ہے۔ رپورٹ کے مطابق حماس کی ٹیم نے ثالثوں کو یقین دلایا ہے کہ وہ صدر ٹرمپ کی جانب سے پیش کردہ منصوبے کا مطالعہ کریں گے۔ (باقی صفحہ 5 نمبر 45)

## تہران سے معاہدے کے بعد امریکا نے 100 ایرانیوں کو ملک بدر کر دیا

### کچھ افراد نے کئی ماہ حراستی مراکز میں رہنے کے بعد خود رضا کارانہ طور پر واپس جانے پر آمادگی ظاہر کی

واشنگٹن (جی این ایم) امریکہ نے تہران سے معاہدے کے بعد تقریباً 100 ایرانیوں کو ملک بدر کر دیا ہے، ان افراد کی شناخت اور امریکا آنے کی وجوہات واضح نہیں ہو سکیں جب کہ کچھ افراد نے کئی ماہ حراستی مراکز میں رہنے کے بعد خود رضا کارانہ طور پر واپس جانے پر آمادگی ظاہر کی۔ یہ بات نیویارک ٹائمز نے منگل کو رپورٹ میں کہی۔ اخبار کے مطابق امریکا تقریباً (باقی صفحہ 5 نمبر 27)

## کوئٹہ دھماکے کی مذمت، دہشت گردوں کو چن چن کر ماریں گے، حاجی نور محمد دمڑ

### شہدا کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، دہشت گردوں کے سہولت کاروں کی کمر ٹوٹ رہی ہے، صوبائی وزیر خوراک

کوئٹہ (یو این اے) مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما اور صوبائی وزیر خوراک و چیئرمین فوڈ اتھارٹی بلوچستان حاجی نور محمد خان دمڑ نے کوئٹہ دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردوں کو چن چن کر مارا جائے گا اور قیام امن کے لیے حکومت، عوام اور سیکیورٹی ادارے ایک پیج پر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بزدلانہ کارروائیاں دہشت گردوں کی ناکام (باقی صفحہ 5 نمبر 24)

## بنوں: خوارج کی بزدلانہ کارروائی، پل دھماکے سے اڑا دیا

### بنوں کی تحصیل جانی خیل میں خوارج نے دھماکا خیز مواد سے رابطہ پل تباہ کیا ہے

بنوں (جی این ایم) خیبر پختونخوا کے ضلع بنوں میں خوارج نے بزدلانہ کارروائی کرتے ہوئے عوامی رابطہ پل دھماکے سے اڑا دیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق بنوں کی تحصیل جانی خیل میں خوارج نے دھماکا خیز مواد سے رابطہ پل تباہ کیا ہے۔ سیکیورٹی ذرائع نے بتایا ہے کہ مالی خیل تحصیل جانی خیل میں خوارج نے سیکیورٹی فورسز کے قافلے پر حملے کی کوشش کی۔ سیکیورٹی ذرائع کے (باقی صفحہ 5 نمبر 23)

## قطر پر حملے کے بعد خلیجی ریاستوں کی سلامتی کو خطرہ

### دوحہ میں حماس رہنماؤں پر حملہ جارحیت اور غداری ہے، شہزادہ ترکی الفیصل

ریاض (جی این ایم) سعودی عرب کے سابق انٹیلی جنس چیف اور سفیر شہزادہ ترکی الفیصل نے کہا ہے کہ قطر پر اسرائیلی حملے کے بعد خلیجی ریاستوں کی سلامتی کو خطرہ ہے۔ سعودی عرب کے دارالحکومت ریاض میں ڈین آف ایمبیسڈرز گالا ڈنر سے خطاب میں شہزادہ ترکی الفیصل نے اسرائیل کو مسترد شدہ ریاست قرار دیتے ہوئے کہا کہ دوحہ میں حماس رہنماں پر حملہ جارحیت اور غداری (باقی صفحہ 5 نمبر 44)

## آئی ایم ایف کا ٹریڈ بیسڈ منی لانڈرنگ کی روک تھام کیلئے موثر اقدامات کا مطالبہ

### وکلا، لافرمز اور سونے چاندی کا کاروبار کرنے والوں کی نگرانی اور حقیقی مالکان کا پتہ لگانے پر زور دیا

اسلام آباد (یو این اے) آئی ایم ایف نے پاکستان سے ٹریڈ بیسڈ منی لانڈرنگ کی روک تھام کیلئے موثر اقدامات کا مطالبہ کر دیا۔ وکلا، لافرمز اور سونے چاندی کا کاروبار کرنے والوں کی نگرانی اور حقیقی مالکان کا پتہ لگانے پر زور دیا جبکہ سرکاری خریداری کے عمل میں شفافیت کیلئے الیکٹرانک سسٹم نافذ کرنے کا ہدف بھی دے دیا۔ عالمی مالیاتی ادارے سے 1.2 ارب ڈالر کی تیسری (باقی صفحہ 5 نمبر 28)

## سی، عوامی و سماجی حلقوں کا ٹیچنگ اسپتال کے ایم ایس ڈاکٹر عمیر حسین کو خراج تحسین

### ڈاکٹر عمیر حسین خدمت و خلوص کی علامت، حکومت ان جیسے فرض شناس افسران کو مزید وسائل فراہم کرے، عوامی مطالبہ

سبی (یو این اے) عوامی، سماجی اور صحافتی حلقوں نے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ٹیچنگ اسپتال سبی ڈاکٹر عمیر حسین کی خدمات کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ڈاکٹر عمیر حسین خدمت اور خلوص کی علامت ہیں جنہوں نے طب کی دنیا میں باوقار نام پیدا کیا ہے۔ عوامی حلقوں کے مطابق ڈاکٹر عمیر حسین نے محدود وسائل کے باوجود مریضوں کے علاج اور اسپتال کے (باقی صفحہ 5 نمبر 26)

## اسرائیلی حملوں کی وجہ سے مذاکرات کو معمول پر لانا مشکل ہو گیا، شامی وزیر خارجہ

### شام کی حکومت کیلئے رکاوٹ کھڑی کر رہا اور حکومت کو جنوب میں فرقہ ورانہ تشدد میں اضافے کا سامنا ہے

دمشق (جی این ایم) شام کے وزیر خارجہ اسعد الشیبانی نے کہا ہے کہ شام پر اسرائیلی حملوں کی وجہ سے بات چیت کو معمول پر لانا مشکل ہو گیا ہے۔ عالمی میڈیا رپورٹ کے مطابق انہوں نے ایک انٹرویو کے دوران اسرائیل پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ وہ شام کی حکومت کے لئے رکاوٹ کھڑی کر رہا اور حکومت کو جنوب میں فرقہ ورانہ تشدد میں اضافے کا سامنا ہے۔ شامی (باقی صفحہ 5 نمبر 25)

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل انڈوبجویل لینڈ کے زیر اہتمام انسانی حقوق اور میڈیا خواندگی سے متعلق منعقدہ کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

# بزدلانہ کارروائی دہشتگردوں کی ناکام سازش ہے، سردار عبدالرحمن کھیتران

شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی ان کا خون امن کی ضمانت بنے گا، صوبائی وزیر پی ایچ ای

### سیکیورٹی اداروں نے چار دہشت گردوں کو ہلاک کر کے بڑے نقصان کو ٹال دیا، بم دھماکے کی مذمت

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ اینڈ واسا سردار عبدالرحمن کھیتران نے آج کوئٹہ میں ہونے والے دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ بزدلانہ کارروائی دہشت گردوں کی ناکام سازش ہے۔ صوبائی وزیر نے فورسز کی بروقت اور جرات مندانہ کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا کہ سیکیورٹی اداروں نے چار دہشت گردوں کو ہلاک کر کے بڑے نقصان کو ٹال دیا۔ سردار عبدالرحمن کھیتران نے دھماکے میں شہید ہونے والوں کے اہل خانہ سے گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔ ان کا خون امن کی ضمانت بنے گا۔ انہوں نے زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت اور متعلقہ ادارے متاثرین کے (باقی صفحہ 5 نمبر 43)

## عالمی مارکیٹ میں بانڈز جاری کرنے کیلئے فنانسنگ فریم ورک متعارف

### گرین، سوشل، سسٹین ایبلٹی بانڈز اور سکوک عالمی مارکیٹ میں جاری ہوں گے

اسلام آباد (جی این ایم) حکومت نے عالمی مارکیٹ میں بانڈز جاری کرنے کیلئے فنانسنگ فریم ورک متعارف کروا دیا۔ گرین، سوشل، سسٹین ایبلٹی بانڈز اور سکوک مارکیٹ میں جاری ہوں گے۔ وزارت خزانہ اعلامیہ کے مطابق فریم ورک کیا جرا سے پاکستان کی انٹرنیشنل مارکیٹ تک رسائی بہتر ہوگی۔ معیشت کو زیادہ لچکدار اور جامع بنانے میں مدد ملے گی۔ اس اقدام کا (باقی صفحہ 5 نمبر 29)

## حکومت نے استعمال شدہ گاڑیوں کی کمرشل بنیادوں پر درآمد کی اجازت دے دی، نوٹیفکیشن جاری

### ابتدائی طور پر صرف 5 سال سے پرانی نہ ہونے والی گاڑیوں کو 30 جون 2026ء تک درآمد کرنے کی اجازت ہوگی

اسلام آباد (یو این اے) حکومت نے استعمال شدہ گاڑیوں کی کمرشل بنیادوں پر درآمد کی اجازت دے دی، وزارت تجارت نے باضابطہ نوٹی فکیشن جاری کر دیا۔ وزارت تجارت کے نوٹی فکیشن کے مطابق امپورٹ پالیسی آرڈر 2022ء میں درکار ضروری ترامیم کر دی گئی ہیں، استعمال شدہ گاڑیوں کی کمرشل درآمدات کی اجازت ماحولیاتی اور حفاظتی معیارات کی سخت تعمیل سے (باقی صفحہ 5 نمبر 31)

## وفاقی وزیر مذہبی امور سے ویٹی کن سٹی کے سفیر کی ملاقات

### بین المذاہب ہم آہنگی کے فروغ کے حوالے سے مختلف تجاویز پر تبادلہ خیال کیا گیا

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی وزیر برائے مذہبی امور سردار محمد یوسف سے ویٹی کن سٹی کے سفیر آرچ بشپ گرمانو پینموٹ نے ملاقات کی جس میں مذہبی عدم برداشت کے بڑھتے رجحان، دہشت گردی، اور بین المذاہب ہم آہنگی کے فروغ کے حوالے سے مختلف تجاویز پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ منگل کو وزارت مذہبی امور کے ترجمان کے مطابق ملاقات کے دوران سردار (باقی صفحہ 5 نمبر 32)

## حماس نے منصوبہ رد کیا تو اسرائیل اپنا کام مکمل کریگا، نیتن یاہو کی دھمکی

واشنگٹن (جی این ایم) اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو نے ٹرمپ کے مجوزہ غزہ جنگ بندی منصوبے کو تسلیم نہ کرنے پر حماس کو دھمکی دیتے ہوئے کہا ہے کہ منصوبہ رد کیا تو اسرائیل اپنا کام مکمل کریگا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ایک بیان میں اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو نے کہا ہے کہ حماس نے منصوبہ رد کیا تو اسرائیل اپنا کام مکمل کرے گا۔ نیتن یاہو کا کہنا تھا کہ منصوبہ جنگ کے (باقی صفحہ 5 نمبر 42)

کوئٹہ، جماعت اسلامی کے صوبائی امیر مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ، اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

# کوئٹہ میں بم حملہ انسانیت سوز اور وحشت کی انتہا ہے، مولانا واسع

صوبائی امیر جمعیت بلوچستان کا کوئٹہ میں ایف سی ہیڈ کوارٹر پر خودکش دھماکے کی مذمت اور قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر دکھ و افسوس کا اظہار

### حکومت اقتدار کی رسہ کشی میں مصروف ہے امن و امان کی صورتحال تشویشناک رخ اختیار کر چکی ہے، صوبائی جنرل سیکرٹری جمعیت آغا محمود شاہ

کوئٹہ (اے این این) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے امیر و سینیٹر مولانا عبدالواسع اور صوبائی جنرل سیکرٹری آغا محمود شاہ نے کوئٹہ میں ایف سی ہیڈ کوارٹر پر خودکش دھماکے کی مذمت اور قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر دکھ و افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بدقسمت کوئٹہ ایک بار پھر لہولہان، کوئی پرسان حال نہیں ہے معصوم شہریوں کی قیمتی جانوں کے ضیاع پر دلی دکھ اور رنج ہوا بلوچستان کے حالات سنگین ترین نہج پر، حکومت سب اچھا کی رٹ لگائی ہوئی ہے حملہ انسانیت سوز اور وحشت کی انتہا ہے انہوں نے کہا کہ زخمیوں کے علاج کے لئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں حکومت منصوبہ سازوں اور ملوث عناصر کو فوری گرفتار کرے جے یو آئی دکھ اور الم کی اس گھڑی میں غمزدہ خاندان کے ساتھ شریک ہے (باقی صفحہ 5 نمبر 30)

اسلام آباد، چیئرمین این ڈی این اے انعام حدیر ملک از بکستان شوریٰ کے اسپیکر نورالدین اسلاموف کو سوینئر دے رہے ہیں

## زہران ممدانی کو ووٹ دینے کا کوئی فائدہ نہیں ہوگا، صدر ٹرمپ

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے زہران ممدانی پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ ممدانی کو ووٹ دینے کا لوگوں کو کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ایک بیان میں امریکی صدر نے میئر نیویارک کے لئے ڈیموکریٹک پارٹی کے نامزد امیدوار زہران ممدانی کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ ممدانی کو امریکی حکومت سے تاریخی مشکلات (باقی صفحہ 5 نمبر 33)

## مولانا عبدالرحمٰن رفیق کی کوئٹہ دھماکے کی شدید مذمت، صوبائی حکومت کو تنقید کا نشانہ

### محض بیانات سے کام نہیں چلے گا، عملی حکمت عملی اور نتائج دکھائیں، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے رہنما اور رکن مرکزی مجلس شوریٰ نے کوئٹہ میں پیش آئے خودکش دھماکے کی سخت الفاظ میں مذمت کی ہے اور واقعہ کو صوبائی حکومت و متعلقہ اداروں کی ناکامی قرار دیا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ بار بار ہونے والے سانحات اس بات کا منہ بولتا ثبوت ہیں کہ دعوے اور بیانات کے بجائے عملی اقدامات اور ٹھوس حکمت عملی کی ضرورت ہے (باقی صفحہ 5 نمبر 40)

## دشمن عناصر کو کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا، شعیب نوشیروانی

### دہشت گردوں اور سہولت کاروں کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کی جائیں گی، وزیر خزانہ

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی وزیر خزانہ و مائنز میر شعیب نوشیروانی نے کوئٹہ میں ایف سی ہیڈ کوارٹر پر ہونے والے حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دشمن عناصر کو بلوچستان اور پاکستان کے امن و استحکام کے خلاف کبھی کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا۔ اپنے جاری کردہ مذمتی بیان میں انہوں نے کہا کہ حملے کا مقصد خوف و ہراس پھیلانا اور صوبے کے امن (باقی صفحہ 5 نمبر 38)

## گورنر بلوچستان کا خطاب، جعلی خبریں دنیا بھر کی حکومتوں کیلئے بڑا چیلنج ہے، گورنر بلوچستان

### میڈیا کا مثبت استعمال اور ذمہ داری کا احساس ہی افواہوں اور پروپیگنڈے کا مؤثر علاج ہے، جعفر مندوخیل

کوئٹہ (یو این اے) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ میڈیا پر جعلی خبروں کی بھرمار حکومتوں کے لیے ایک بڑا چیلنج بن چکی ہے اور اس پر قابو پانے کے لیے قانون سازی مشکل ثابت ہو رہی ہے کیونکہ یہ آزادی اظہار اور ضابطے کے درمیان نازک توازن کا معاملہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ سوشل میڈیا پر مکمل پابندی عائد خدشات کو جنم دے سکتی ہے، لہٰذا سردست (باقی صفحہ 5 نمبر 35)

## حملہ ناکام بنانے پر سیکورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، ولی محمد نورزئی

### دہشت گردوں کے خلاف قوم متحد ہے، دشمن کے عزائم کبھی کامیاب نہیں ہوں گے، حاجی ولی محمد نورزئی

کوئٹہ (یو این اے) پارلیمانی سیکرٹری برائے سماجی بہبود حاجی ولی محمد نورزئی نے کوئٹہ میں ایف سی ہیڈ کوارٹر پر ہونے والے دہشت گرد حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کی اور فورسز کی بہادرانہ کارروائی کو خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ ملک دشمن عناصر بلوچستان اور پاکستان کے امن کو سبوتاژ کرنے کی کوششیں کر رہے ہیں لیکن یہ بزدلانہ ہتھکنڈے ہمارے (باقی صفحہ 5 نمبر 34)

## مولانا عبدالرحمٰن رفیق کی کوئٹہ دھماکے کی شدید مذمت، صوبائی حکومت کو تنقید کا نشانہ

### محض بیانات سے کام نہیں چلے گا، عملی حکمت عملی اور نتائج دکھائیں، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے رہنما اور رکن مرکزی مجلس شوریٰ نے کوئٹہ میں پیش آئے خودکش دھماکے کی سخت الفاظ میں مذمت کی ہے اور واقعہ کو صوبائی حکومت و متعلقہ اداروں کی ناکامی قرار دیا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ بار بار ہونے والے سانحات اس بات کا منہ بولتا ثبوت ہیں کہ دعوے اور بیانات کے بجائے عملی اقدامات اور ٹھوس حکمت عملی کی ضرورت ہے (باقی صفحہ 5 نمبر 40)

## یونیورسٹی آف بلوچستان میں اساتذہ نے یوم سیاہ منایا

### جائز مطالبات کے لیے بازوں پر کالی پٹیاں باندھیں اکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن کا مطالبہ

کوئٹہ (یو این اے) یونیورسٹی آف بلوچستان میں اکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن کی کال پر اساتذہ کرام نے آج اپنے بازوں پر کالی پٹیاں باندھ کر یوم سیاہ منایا۔ اس موقع پر صدر پروفیسر ڈاکٹر کلیم اللہ بڑیچ، جنرل سیکرٹری فرید خان اچکزئی، نائب صدر ڈاکٹر شبیر احمد شاہوانی سمیت دیگر رہنماں نے وائس چانسلر پر اساتذہ اور افسران کو منظور شدہ اپ گریڈیشن اور الانسز (باقی صفحہ 5 نمبر 41)

## پاکستان تحریک انصاف کی کوئٹہ بم دھماکے کی شدید مذمت

### حکومت شہریوں کے تحفظ میں ناکام نظر آتی ہے، فوری اور موثر اقدامات ناگزیر، پی ٹی آئی

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) نے کوئٹہ میں ایف سی ہیڈ کوارٹر کے قریب آج صبح ہونے والے بم دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ پارٹی ترجمان نے کہا کہ اس بزدلانہ کارروائی میں ایف سی اہلکاروں سمیت عام شہری شہید اور متعدد افراد زخمی ہوئے جو ایک نہایت المناک اور دل خراش سانحہ ہے۔ ترجمان نے شہدا کے لواحقین سے (باقی صفحہ 5 نمبر 36)

## لک پاس ٹنل ایف سی چیک پوسٹ ہٹانے کے عدالتی فیصلے کا خیر مقدم، ٹرانسپورٹرز اور عوام میں خوشی کی لہر

### فیصلے سے عوام اور ٹرانسپورٹرز کی مشکلات ختم ہوئیں، وکلا کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، حاجی نور محمد شاہوانی

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کے صدر حاجی نور محمد شاہوانی نے عدالت عالیہ بلوچستان کے لک پاس ٹنل ایف سی چیک پوسٹ کو ہٹانے کے فیصلے کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ اقدام عوام اور ٹرانسپورٹرز کے لیے بڑی ریلیف ہے۔ انہوں نے کہا کہ لک پاس چیک پوسٹ پر کئی کئی گھنٹے بسوں، ویگنوں، چھوٹی گاڑیوں کے مسافر، بچے (باقی صفحہ 5 نمبر 37)

## گوادر میں پانی بحران، وزیر اعلیٰ بلوچستان کا میرانی ڈیم سے بذریعہ ٹینکرز فوری فراہمی کا حکم

### ٹینکرز سپلائی میں کرپشن برداشت نہیں کی جائے گی، میر سرفراز بگٹی

گوادر (یو این اے) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت گوادر میں پانی کے سنگین بحران پر اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا جس میں ایم پی اے گوادر مولانا ہدایت الرحمٰن، سیکرٹری پی ایچ ای ہاشم غلزئی، چیئرمین گوادر پورٹ اتھارٹی نور الحق بلوچ، ڈی جی جی ڈی اے معین رحمان خان، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر عبدالشکور سمیت دیگر اعلیٰ حکام شریک ہوئے۔ وزیر اعلیٰ (باقی صفحہ 5 نمبر 39)

## یونیورسٹی آف بلوچستان میں اساتذہ نے یوم سیاہ منایا

### جائز مطالبات کے لیے بازوں پر کالی پٹیاں باندھیں اکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن کا مطالبہ

کوئٹہ (یو این اے) یونیورسٹی آف بلوچستان میں اکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن کی کال پر اساتذہ کرام نے آج اپنے بازوں پر کالی پٹیاں باندھ کر یوم سیاہ منایا۔ اس موقع پر صدر پروفیسر ڈاکٹر کلیم اللہ بڑیچ، جنرل سیکرٹری فرید خان اچکزئی، نائب صدر ڈاکٹر شبیر احمد شاہوانی سمیت دیگر رہنماں نے وائس چانسلر پر اساتذہ اور افسران کو منظور شدہ اپ گریڈیشن اور الانسز (باقی صفحہ 5 نمبر 41)

کوئٹہ، صوبائی وزیر سردار کوہیار خان ڈومکی ضلعی انتظامیہ سبی کی جانب سے میٹرک اور انٹرمیڈیٹ میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء و طالبات میں لیپ ٹاپ تقسیم کر رہے ہیں

# معرکہ حق میں شکست سے بھارت کا مسئلہ کشمیر سے متعلق بیانیہ زمین بوس ہو گیا، طارق فضل

وزیر اعظم وطن واپس آ کر عوامی ایکشن کمیٹی آزاد کشمیر کو ملاقات کیلئے بلائیں گے، ان کے مطالبات کیلئے ترمیم کی ضرورت ہے

### پوری دنیا نے مان لیا مسئلہ کشمیر ریجنل یا دوطرفہ نہیں بلکہ بین الاقوامی مسئلہ ہے اور یہ اب حل ہوگا، وفاقی وزیر کی گفتگو

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ وزیر اعظم شہباز شریف وطن واپس آ کر عوامی ایکشن کمیٹی آزاد کشمیر کو ملاقات کے لئے خود بلائیں گے۔ ایک انٹرویو میں طارق فضل چوہدری نے بتایا کہ مذاکرات کے دور ان عوامی ایکشن کمیٹی آزاد کشمیر کے 95 فیصد مطالبات مان لئے تھے مگر وہ آخر میں کچھ ایسے مطالبات بھی لے آئے جو بالکل نئے تھے۔ انہوں نے کہا کہ ان مطالبات کی منظوری کیلئے آزاد کشمیر اسمبلی سے آئینی ترمیم کی ضرورت ہوگی۔ ڈاکٹر طارق فضل نے بتایا کہ وزیر اعظم شہباز شریف وطن واپس آ کر عوامی ایکشن کمیٹی آزاد کشمیر کو ملاقات کیلئے خود بلائیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ معرکہ حق میں شکست سے بھارت کا مسئلہ کشمیر سے متعلق بیانیہ زمین بوس ہو گیا (باقی صفحہ 5 نمبر 53)

## وزیر اعلیٰ پنجاب کے ووٹ میں ہمارا بھی حصہ ہے، جواب تو دینا پڑے گا، ندیم افضل چن

### پیپلز پارٹی کی بنیاد پنجاب میں رکھی گئی لہٰذا پنجابی کارڈ نہ کھیلیں، پانی اور وسائل پر لسانی سیاست مودی کی زبان ہے

لاہور (جی این ایم) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما ندیم افضل چن نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز ہماری بہن ہیں، انہیں ووٹ دے کر منتخب کیا ہے۔ مریم نواز کے حالیہ بیان پر ردعمل دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہا کہ ہمارا خاندان 1926 سے پنجاب کی سیاست میں ہے، پیپلز پارٹی کی بنیاد پنجاب میں رکھی گئی لہٰذا پنجابی کارڈ نہ کھیلیں، پانی اور وسائل پر لسانی سیا